
# THE YOUTH


# INTERNATIONAL E-MAGAZINE

**Special Edition on Feb & March**



Impressive oath ceremony for Prime Minister Shahbaz Sharif





# 23 MARCH

## PAKISTAN DAY



PAKISTAN DAY PARADE 23RD MARCH 2024



گورنر پنجاب سے ن لیگ ملائیشیا کے چیف سرپرست چوہدری نثار خان کی ملاقات



صدر کویت بزنس کونسل شمشاد احمد خان تنولی نے مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر
اینڈ سینئر نائب صدر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک کے اعزاز میں تقریب




# Happy Pakistan Resolution Day

## on behalf of

**Shahbaz Sharif**
(Prime Minister Of Pakistan)

**Ishaq Dar**
(Foreign Minister of Pakistan)

**Malik Muhammad Farooq**
(Ambassador of Pakistan to Kuwait)


**Barrister Amjad Malik**
(Vice president Overseas
Chief Coordinator PMLN International Affairs )

**Shamshad Khan Tanoli**
(PresidentPMLN Traders wing Kuwait)

**ch Safdar Iqbal**
(Vice President PMLN Traders wing Kuwait)



23 مارچ
یوم پاکستان
قرارداد پاکستان کے موقع پر تمام محبّ وطن
پاکستانی عوام کو امن اور بھائی چارہ کی فضاء
قائم اور یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک
کی سلامتی، استحکام اور ترقی کیلئے بھرپور
جدوجہد کرنی چاہیے تاکہ پاکستان کا نام
دنیا بھر میں روشن ہو
سعودی عرب، بحرین، متحدہ عرب امارات، سلطنت آف عمان، قطر، کویت، لیبیا، ملائیشیا میں قانونی ذرائع سے روزگار دلانے کا لیڈنگ ادارہ
Trust Group
TRUST ENTERPRISES
Overseas Employments Promoters
O.E.P Lic # 1405/Kar.
A/4-C Block-A Commercial Area Sindhi Muslim Housing Society Karachi
Tel:021-34553078,34539754,34302817,34302818
Fax:0092-21-34558806 Email:trst_ent@yahoo.com
Web site: www.trustoep.com.pk
Irshad Ahmed Qureshi
Proprietor.
Cell: 0300-8252416
0345-8252416


2024
23
MARCH
یومِ پاکستان
تم پہ ہمیشہ رہے سایہ خدایہ ذوالجلال
چوہدری نثار احمد خان
پاکستان مسلم لیگ (ن) چیپٹر ملائیشیا
ڈاکٹر مبشر افتخار
چیئرمین پاکستان مسلم لیگ (ن) ملائیشیا

Scan Me

The YOUTH International Magazine

# TABLE OF Contents

www.youthintlmagazine.com





| | | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | ایڈیٹر کے نام خط | 6 |
| 2 | اسلامک تعلیمات | 7 |
| 3 | 23 مارچ پاکستان ایک عہدآفریں وعہد سازدن | 8 |
| 4 | وزیر دفاع عزت مآب شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود کی یوم پاکستان میں شرکت | 9 |
| 5 | وزیر دفاع کواعزاز نشانِ پاکستان سے نوازا گیا۔ | 10 |
| 6 | گورنر پنجاب سے ن لیگ ملائیشیا کےچیف سرپرست چوہدری نثار خان کی ملاقات | 11 |
| 7 | 23 مارچ پاکستان دے پر اہم شخصیات کے پیغامات | 12 |
| 8 | مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر اینڈ سنیئر نائب صدر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک کے اعزاز میں تقریب | 15 |
| 9 | کویت کے المعروف کاروباری اور سماجی شخصیت جناب شمشاد خان تنولی کی طرف سے شاندار افطار ڈنر | 17 |
| 10 | اوورسیز پاکستانیوں کو منشور ک مطابق پارلیمان کا حصہ بنائے گے-بیرسٹر امجد ملک | 18 |
| 11 | خواتین کا عالمی دن | 19 |
| 12 | چوہدری نثار احمد خان کا دورہ پاکستان | 20 |
| 13 | الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان نے الخدمت آرفنز کیئر پروگرام کا ایک شاندار گرینڈ افطار ڈنر | 22 |
| 14 | طلبہ کے لئے 20 ہزار بائیکس پراجیکٹ | 23 |
| 15 | سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان سالانہ حج معاہدہ اختتام پذیر ہوگیا۔ | 24 |
| 16 | اوورسیز چیپٹرز موجودہ حکومت کیساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے۔بیرسٹر امجد ملک۔ | 25 |
| 17 | چرس اور ذہنی صحت | 26 |
| 18 | 23 مارچ یوم پاکستان دیگر ممالک میں منایا گیا، | 27 |
| 19 | بقاجات | 28 |

**English Side**

| | | Page No |
|---|---|---|
| 1 | Impressive oath ceremony for Prime Minister Shahbaz Sharif | 3 |
| 2 | Message of President , on the Pakistan Day 23rd March 2024 | 4 |
| 3 | PRESIDENT OF PAKISTAN DAY PARADE 23RD MARCH 2024 IN ISLAMABAD | 5 |
| 4 | Ambassador of Kuwait calls on the Prime Minister | 7 |
| 5 | British High Commissioner calls on PM Shehbaz Sharif | 8 |



## بانی محمد صدیق القادری (مرحوم)

**ایڈیٹر** مس روبینہ قادری (ایم۔اے جرنلزم)

منیجنگ ایڈیٹر: تحسین القادری

0348-2860696

youth_intlmag@gmail.com
E-mail: ms_alqadri@yahoo.com

**سب ایڈیٹرز**

ریحان زبیری ، مس ثمینہ ، مس نبیلہ ، مس مریم ، مس روزینہ

**مجلس مشاورت**

پروفیسر وسیم چوہدری، پیر ڈاکٹر طارق بادشاہ
طارق حسین بٹ، عذرا علین، سعد زمان، ناصر زیدی
شمشاد خان تنولی، فریحہ فاروقی، ڈاکٹر طلعت محمود
رئیس قریشی، ارشاد قریشی،

**چیف فوٹوگرافر** تنویر القادری 0346-5115114

**سرکولیشن** تحسین القادری 0348-2860696

**فوٹو گرافرز** عبدالرفیق، تبسم نوید، ساجد محمود، امانت خاں

**گرافک ڈیزائنر** ایم۔ٹی / صداقت رسول 0344-4466912

## اندرون ملک اعزازی نمائندگان

| | | |
|---|---|---|
| اسلام آباد | فیضان الحق | 0345-5104380 |
| پشاور | سجاد عزیز | 0333-9123151 |
| کراچی | فیصل شیخ | 0300-8759007 |
| بلوچستان/ کوئٹہ | محمد انور شاہ | 0333-7829766 |
| گجرات | میاں شہباز انصاری | 0300-6253063 |
| ملتان | محمد عمران | 0300-7329192 |
| فیصل آباد | رشید احمد صدیقی | 0300-8854260 |
| مردان | سید ماجد علی شاہ | 0300-5121606 |
| مینگورہ/ سوات | شرین زادہ | 0315-5749917 |

## بیرون ملک اعزازی نمائندگان

| | |
|---|---|
| ابوظہبی | فرمان حیدر |
| دبئی | تابش زیدی |
| شارجہ | اختر حیدری |
| العین | احمد حسن صابری |
| دوہا/ قطر | اصغر علی قاضی |
| اومان/ مسقط | شاہد چٹھہ |
| بحرین | ساجد بٹ |
| کویت | شمشاد خان تنولی |
| جرمن/ برلن | محمد عارف سلیمی |
| سعودی عرب | مجیب الحق فریدی |
| جدہ | یحییٰ اشفاق |
| مکہ المکرمہ | حسن چانڈیو |
| الریاض | خالد جاوید چیمہ |
| دمام | زین العابدین |
| یو۔کے | مدثر نذیر |
| لیبیا | محمد فاروق |
| پولینڈ | بسمہ بی بی |



خصوصی شمارہ پاکستان میں 200 روپے، گلف ممالک 50 درہم یا ریال، یورپ/ امریکہ اور دیگر ممالک میں 5 ڈالر

## سالانہ خریدار

بیرون ممالک مڈل ایسٹ سالانہ 500 درہم/ ریال، یورپ/ امریکہ 250 ڈالر اور پاکستان میں سالانہ خریدار کیلئے مبلغ **5000** روپے کا بنک ڈرافٹ/ کراس چیک میزان بنک کرنٹ اکاؤنٹ نمبر **02280103982405** مین راوی روڈ لاہور پاکستان میں جمع کروائیں یا ہیڈ آفس کے ایڈریس پر ارسال کریں۔ E-mail: youth_intlmag@yahoo.com پر اطلاع کریں

## ہیڈ آفس

بالائی منزل 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور۔ پاکستان

/ M.Siddique Al Qadri
/ youthintlmagazine.com

Ph,Fax: 042-37210710, Mob: 0364-5115114, 0321-5533385

Website
www.youthintlmagazine.com

پبلشر ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹنگ پریس رائل پارک لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل میگزین بالائی منزل 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور پاکستان سے شائع کیا ہے



# ایڈیٹر کے نام خطوط

Email. youth_intlmag@yahoo.com



مس روبینہ قادری
ایڈیٹر

## نوٹ: ایڈیٹر کا خطوط نویس کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں

**خطوط نویسوں سے گزارش ہے کہ خطوط واضح اور خوشخط کاغذ پر ایک طرف لکھیں، خطوط اجتماعی اور عمومی مفاد کے موضوع پر ہونے چاہیے**

### تحفظ نسواں بل ۔ مسئلہ حل کریں

یہ درست ہے کہ ہمارا پورا معاشرہ عورت پر تشدد کرنے یا اس سے ناروا سلوک کرنے کا ارتکاب نہیں کرتا مگر معاشرے میں کچھ ایسے عناصر کی موجودگی سے انکار بھی نہیں کیا جا سکتا جو عورت پر تشدد کو اپنا بنیادی حق سمجھتے ہیں۔ تحفظ نسواں بل خواتین کے تحفظ کا ایک بہترین ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ یہ بل خواتین کو وہی تحفظ فراہم کرے گا جس کا وعد با سلام نے عورت سے کیا ہے۔ گو کہ اس قانون کے موجودہ مسودے میں چند نکات پر ہماری مذہبی جماعتوں کو اعتراضات ہیں مگر وزیر اعظم صاحب نے اس قانون کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے اور تمام قابل اعتراض نکات کی درستی کا وعدہ کیا ہے۔ لہذا اب مذہبی جماعتوں کو اس مسئلہ کو ہڑتالوں کی بجائے باہمی مصالحت سے حل کرنا چاہیئے تا کہ معاشرے کی بنیادی اکائی یعنی عورت کی عزت اورحقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ ربیعہ بھی پشاور )

### تعلیمی نظام میں انگریزی کو فوقیت کیوں؟

اردو قومی زبان ہونے کے باوجود ہمارے ہاں انگریزی تعلیمی نظام ہی پسند کیا جاتا ہے۔ آخر ہمیں ایسی کون سی احساس کمتری کا سامنا ہے جو ہمیں اپنی قومی زبان سے جدا کر رہی ہے۔ آئے دن بدلتے نصاب نے بچوں کو مشکل میں ڈال دیا ہے جو نہ صرف ہر بار نیا ہوتا ہے بلکہ مشکل سے مشکل ہوتا جاتا ہے۔ جسے بچوں کا کچا ذہن قبول کرتا ہے اور نہ وہ اس نصاب کے ساتھ سمجھوتا کر پاتے ہیں۔ سرکاری سکولوں میں انگریزی پڑھانے کے طریقے بھی مختلف ہوتے ہیں جبکہ نجی سکولوں میں بچوں پر زیادہ محنت کی جاتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اردو کو کم از کم انگریزی کے برابر کا درجہ تو دیا جائے اور اگر انگریزی کا راج برقرار رکھنا ہی مقصود ہے تو سرکاری اداروں میں اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کو تعینات کیا جائے ۔ (ما ہم ابراہیم اسلام آباد )

### مہنگی تعلیم ۔ آخر کب تک؟

حکومت کی جانب سے پرائیویٹ ایجوکیشن اتھارٹی بل کے اطلاق کے باوجود نئے تعلیمی سال کے شروع ہوتے ہی بیشتر نجی تعلیمی اداروں نے فیسوں میں ہوشربا اضافہ کر کے تعلیم کا حصول غریب و سفید پوش طبقہ کیلئے مشکل بنا دیا ہے جبکہ یونیفارم کورسز کی تبدیلی اور فنڈ ز کی مد میں کئی گنا اضافہ کر کے مہنگائی کے اس دور میں عوام کی رہی سہی کسر بھی توڑ کر رکھی دی ہے۔ اس حوالے سے بنائی گئی مانیٹرنگ ٹیمیں صرف خانہ پری تک محدود نظر آ رہی ہیں جس کی وجہ سے شہریوں کی بڑی تعداد اپنے بچوں کو سرکاری سکولوں میں داخل کروانے پر مجبور ہے۔ جہاں کے تعلیمی معیار سیبر کوئی بخوبی آگاہ ہے۔ حکومت ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کی بجائے ان کے ہاتھوں بلیک میل ہوتی نظر آرہی ہے۔ کم از کم ان معصوم بچوں کے مستقبل سے تو نہ کھیلا جائے اور پرائیویٹ ایجوکیشن اتھارٹی بل کا اطلاق یقینی بنایا جائے ۔ ( مدثر اقبال سیالکوٹ )





مس روبینہ قادری
ایڈیٹر

# رمضان کی فضیلت

رمضان المبارک اُمت مسلمہ کے لئے انمول نعمت، رحمتوں، برکتوں اور بخشش کا خزینہ ہے۔ اس ماہ مبارک میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے نیکی کا اجر ستردرجے تک بڑھا دیا جاتا ہے، شیاطین قید کردیئے جاتے ہیں اور لوگوں میں جذبہ ایمان بڑھ جاتا ہے۔ یہ مہینہ جہاں اہل ایمان کے لئے جنت کی نوید ہے وہاں گنہگاروں کے لیے اپنے گناہ بخشوانے **کا ذریعہ ہے۔**

**روزہ کیا ہے؟**

عربی زبان میں روزے کے لئے "صوم" کا لفظ استعمال ہوا ہے جس کے معنیٰ رُک جانا کے ہیں یعنی انسانی خواہشات اور کھانے پینے سے صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک رک جاتا ہے اور اپنے جسم کے تمام اعضاءکو برائیوں سے روکے رکھتا ہے۔روزے کی اس تعریف اور عمل سے ہی روزے کا مقصد واضح ہوجاتا ہے جو اللہ رب العالمین نے قرآن حکیم میں روزے کا حکم دیتے ہوئے بیان فرمایا ہے کہ**"مومنو! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے، تاکہ تم پرہیز گار بنو"۔(سورۃ البقرہ)**

رمضان المبارک کا مہینہ اپنی خصوصیات اور فضائل و برکات کی وجہ سے امتیازی شان رکھتا ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ"جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں، سرکش شیاطین کو قید دبند میں ڈال دیا جاتا ہے"۔

ایک اور جگہ فرمایا کہ **"ہر چیز کی زکوٰۃ ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے"۔**

روزے کا مقصد انسان کو متقی و پرہیزگار بناناہے، متقی انسان وہ ہے جو حقوق اللہ کو پوری نیک نیتی اور اخلاص کے ساتھ ادا کرتا ہے اور حقوق العباد کی ادائیگی میں بھی کوتاہی نہیں برتتا۔قرآن اور حدیث میں اس مہینے کو خاص اہمیت حاصل ہے۔حضرت سلمان ؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺنے شعبان کی آخری تاریخ کو فرمایا کہ "تمہارے اوپر ایک مہینہ آرہا جو بڑا مبارک مہینہ ہے۔ اس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس ماہ کے روزوں کو فرض فرمایا ہے اور اس میں رات کے قیام کو ثواب کا ذریعہ بنایا ہے"۔

**اس ماہِ المبارک کی فضیلت و اہمیت کے بارے میں قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے کہ "اس مہینے میں ایک رات (لیلتہ القدر) ایسی آتی ہے جو ہزار راتوں سے افضل و بہتر ہے"۔(القدر-3)**

اس مہینے کو تین عشروں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ پہلا عشرہ رحمت، دوسرا مغفرت اور تیسرا عشرہ جہنم کی آگ سے نجات کا ہے۔ جبکہ اس کے آخری عشرے میں اعتکاف میں بیٹھا جاتا ہے جو مردوں کی طرح عورتوں کے لیے بھی مسنون ہے۔اس بابرکت مہینے کے روزے مسلمانوں پر فرض کیے گئے جس کی خصوصیت یہ ہے کہ ہر ایک نیکی کا اجر دس سے ستر گنا اور ایک مقام پر تو سات سو گنا بتایا گیا ہے۔ جنت کے سات دروازوں میں سے ہر عمل کرنے والا گزارا جائے گا لیکن روزہ داروں کے لیے ایک مخصوص دروازہ رکھا گیا ہے، جس کا نام باب الریان ہے، اس میں سے صرف روزہ دار گزریں گے۔درحقیقت رب العزت نے یہ مہینہ ہماری زندگیوں میں اسی لیے رکھا ہے کہ اس مہینے میں ہم اپنے نفس پر قابوپانے کی تربیت حاصل کرسکیں۔ اس لئے یہ مہینہ خود انسانوں کے لیے جسمانی اور روحانی حوالوں سے ایک شفا کا مہینہ ہے۔ ہمارے لئے انتہائی سعادت کی بات ہے کہ ایک بار پھر ماہ رمضان کی مبارک ساعتیں نصیب ہورہی ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ اس ماہ مبارک سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، اس کے ایام کو قیمتی بنانے کے لیے پلاننگ کریں، روزہ کی پابندی، نماز باجماعت کا اہتمام، تراویح میں قرآن کریم کا سننا، نوافل کی کثرت، مسنون اعمال اور قرآن کریم کی تلاوت کا اہتمام کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ نیکیوں کا حصول ممکن ہوسکے۔


# 23 مارچ پاکستان ایک عہدآفریں وعہد سازدن




تحسین القادری
منیجنگ ایڈیٹر


آج پاکستان کا قومی دن ہے یوم پاکستان ہر سال 23 مارچ کو قرارداد لاہور کی تجدید عہد کیلئے منایا جاتا ہے یہ قرارداد 1940ء کو آج ہی کے تاریخی دن منظور کی گئی تھی جسے ایک آزاد مختار مسلم ریاست کی تشکیل کیلئے برصغیر کے مسلمانوں کی جدو جہد آزادی کے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے یہی تاریخی قرارداد یادگار مینار پاکستان کا باعث بنی۔ الحمد للہ آج 23 مارچ ہے قیام پاکستان کا مقصد کے اصل مقاصد پورے نہ ہونے کے بارے میں مکمل احتساب کا دن ہے پاکستان کا بنیادی مقصد برصغیر کے مسلمانوں کیلئے آزاد خود مختار ، اسلامی جمہوری اور فلاحی ریاست کا قیام تھا حضرت قائد اعظم مسلمانوں کیلئے ایک ایسی عظیم اسلامی فلاحی مملکت قائم کرنا چاہتے تھے جہاں مسلمان اپنے فرائض اپنی عبادت کی ادائیگی اور معاشی ترقی کے سلسلے میں بالکل آزاد اور خود مختار ہوں آپ ( قائد اعظم ) نے پشاور میں 24 نومبر 1945 کو تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمارا مذہب ، ہمارا کلچر، اسلام نظریاتی حیات، ہماری آزادی حاصل کرنے کیلئے محرکات ہیں پاکستان کا مطلب صرف آزادی ہی نہیں بلکہ اس کا مفہوم اس کی مسلم آئیڈیالوجی کو محفوظ کرنا ہے جو ایک بیش بہا متاع کی صورت میں ہمیں ورثہ میں ملی ہے 23 مارچ در اصل یوم پاکستان کی اصل روح یہ ہے کہ اپنے معاشرہ کی بہبود اور عوام کی زندگیوں کو اسلامی تعلیمات کی بنیاد پر خوشگوار بنا کر ویلفیئر سٹیٹ کی تشکیل کیلئے ہنگامی بنیادوں پرقابل عمل ٹھوس اصلاحات نافذ کی جائیں نظریاتی سیکٹر کو مضبوط و مستحکم کرنے کیلئے نو جوان نسل میں قومی بیداری مہم چلائی جائے جب تک ملک کی نظریاتی اساس قائم رہے گی تب تک قوم زندہ رہے گی جب نظر یاتی محاذ ہاتھ سے نکل جائے تو ایٹم بم ، ایٹمی ہتھیار ، گولہ بارود، آتشیں اسلہ بھی کام نہیں آتے ۔ ( روس جیسی سپر پاور کی مثال ہمارے سامنے ہے ) نظریہ پاکستان صرف جغرافیائی تقسیم کا نام نہیں بلکہ حق و باطل کی لڑائی ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ہم ایٹمی پاور ہونے کے باوجود بھی کشکول اٹھا کر دنیا سے بھیک مانگ رہے ہیں اپنی خود مختاری، آزادی اور غیرت کو بیچ رہے ہیں یا درکھیئے باعزت ، آزاد خود مختار غیرت مند قومیں تو میں اغیار کی بھیک پر گزارہ نہیں کر سکتیں ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان صرف ایک اسلامی جمہوری اور ویلفیئر سٹیٹ کے طور پر قائم و دائم رہ سکتا ہے۔ مجھے یقین کامل ہے اگر پاکستان کے جواں ہمت غیرت مند عوام خصوصاً نو جوان آگے بڑھ کر قیادت کو ایماندار ، دیانتدار اور پاکستان پرست بنانے پر مجبور کردیں حقیقی آزادی حاصل کر کے اور نظریہ پاکستان پر عملی طور پر عمل درآمد کرانے کا جذبہ پیدا کر دیں توپاکستان دنیا کے نقشے میں آزاد، خود مختار اور خوشحال مملکت بن کرنا قابل تسخیر قوت بن سکتا ہے۔ قارئین! آیئے 23 مارچ 2024ء کے تاریخی موقعہ پر ہم سب مل کر عہد کریں کہ وطن عزیز پاکستان کو قائد اعظم محمد علی جناح اور مفکر پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی تعلیمات کی روشنی میں دنیا کا عظیم ترین، کرپشن ، نا انصافی ، اقربا پروری، رشوت خوری ، لوٹ کھسوٹ ، دہشت گردی ، خود کش حملوں جرائم و کرائم سے پاک ترقی یافتہ ، خوشحال اور نا قابل تسخیر ملک بنا کر دم لیں گے۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔



# سعودی عرب کے وزیر دفاع عزت مآب شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود کی یوم پاکستان میں شرکت اور آرمی چیف سے ملاقات۔










تحسین القادری
منیجنگ ایڈیٹر


سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود یوم پاکستان کی مرکزی تقریب میں شرکت کے بعد وطن واپس روانہ ہوگئے ہیں، اور جانے سے قبل انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کی ہیں۔ سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود کی یوم پاکستان میں شرکت کے بعد آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ سعودی عرب کے وزیر دفاع کا نور خان ائیر بیس پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود نے مسلح افواج کی مشترکہ یومِ پاکستان پریڈ میں بطور گیسٹ آف آنر خصوصی طور پرشرکت کی۔ تقریب میں آمد پر وزیر دفاع خواجہ آصف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود کا استقبال کیا۔ شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود نے شاندار جوائنٹ سروسز پریڈ کا مشاہدہ بھی کیا۔ شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کو ایوانِ صدر میں صدر پاکستان آصف علی زرداری نے نشانِ پاکستان کا اعزاز دیا۔ تقریب کے بعد شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود نے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور مختلف شعبوں بالخصوص دفاع میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سعودی عرب کے وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ 'سعودی عرب اور پاکستان کے تاریخی اور مضبوط برادرانہ تعلقات ہیں، سعودی عرب اور پاکستان ہمیشہ ایک دوسرے کے خیر خواہ رہے ہیں'۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دورے کی دعوت پر آرمی چیف کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ معززمہمان نے بھی یوم پاکستان پریڈ میں بطور گیسٹ آف آنر مدعو کرنے پر آرمی چیف کا شکریہ ادا کیا۔ پاکستان کے ایک روزہ کامیاب دورے کے بعد سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز وطن واپس روانہ ہوگئے، روانگی سے قبل نور خان ایئربیس پر آرمی چیف نے انہیں الوداع کیا۔ قبل ازیں وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے بھی سعودی عرب کے وزیر دفاع کی ملاقات ہوئی۔ جس میں وزیر دفاع خواجہ آصف اور چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں دو طرفہ امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی جبکہ علاقائی امن و سلامتی اور خطے کی سیکیورٹی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا اور دونوں ممالک کے درمیان دفاع ، سیکیورٹی کے شعبے میں تعاون بڑھانے کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ وزیراعظم نے خادم حرمین شریفین سلمان بن عبدالعزیز آل سعود ، سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور سعودی وزیر دفاع سے گفتگو میں کہا کہ ہم آپ کے بڑے بھائی سعودی ولی عہد عزت مآب جناب محمد بن سلمان کے پاکستان کے دورے کا انتظار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ گہرے برادرانہ تعلقات ہیں جو کہ وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں، پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے "تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، سعودی عرب نے ہر محاذ پر پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ میرے بطور وزیراعظم پچھلے دور میں سعودی عرب نے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کے لئے کلیدی کردار ادا کیا، وزیر اعظم نے پاکستان کے سب سے بڑے سول ایوارڈ  نشان پاکستان" ملنے پر بھی سعودی وزیر دفاع کو مبارکباد پیش کی جبکہ سعودی وزیر دفاع کی وزیر اعظم کو منصب  سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود نے کہا کہ یوم پاکستان کی پریڈ میں بطور مہمان خصوصی مدعو کرنے کا پاکستان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، آج کی پریڈ میں پاکستان کی افواج کی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ دیکھنے کو ملا۔انہوں نے کہا کہ چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کے حالیہ دورہ سعودی عرب سے دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا اور اس سے دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ وزیراعظم نے یوم پاکستان کی پریڈ میں بطور مہمان خصوصی شرکت پر سعودی وزیر دفاع کا شکریہ ادا کیا۔

## وطن کی حفاظت کے لیے جان نچھاور کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں-صدر پاکستان



صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ماضی کی طرح آج بھی پاکستان کو چیلنجز سے نکال سکتے ہیں۔ تمام اسٹیک ہولڈرز وطن عزیز کی سلامتی، استحکام اور ترقی و خوشحالی کیلیے مل کر کام کریں، پاکستان کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ یوم پاکستان کی تقریب سے خطاب میں آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان دفاعی اعتبار سے مضبوط ملک ہے، پاکستان کومختلف معاشی، سماجی، سیاسی چیلنجز کا سامنا ہے، ملک میں بے روزگاری اورغربت جیسے بڑے چیلنجز ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ قائد اعظم کی دوراندیش قیادت نے جدوجہد سے آزاد ریاست قائم کی ہے، آج ہم عہد کرتے ہیں پاکستان کی ترقی، سلامتی جان سے زیادہ عزیز رکھیں گے۔ انھوں نے کہا کہ قوم مختلف نشیب و فراز سے گزری، قیام پاکستان سے اب تک ملک مختلف نشیب وفرازسے گزار، پاکستان نے مشکلات کے باوجود مختلف شعبوں میں ترقی کی منازل طے کیں۔ صدر پاکستان کا کہنا تھا کہ وطن کی حفاظت کے لیے جان نچھاور کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ صف زرداری نے کہا کہ خوشی ہے انتخابی عمل کے بعد جمہوری حکومت قائم ہوچکی ہے۔ ہم سب کی ذمہ داری ہے تمام مشکلات کا مل کر حل نکالیں، ماضی کی طرح آج بھی پاکستان کو چیلنجز سے نکال سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی معیشت کے لیے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل ایس آئی ایف سی قائم کی جس کے تحت مختلف شعبوں میں ترقی لائی جائے گی، امید ہے ایس آئی ایف سی کا منصوبہ معیشت کیلئےمثبت ثابت ہوگا۔ صدر مملکت نے تقریب میں شرکت کرنے والے غیر ملکی ممالک کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ چین، سعودی عرب، یواےای، ترکیہ و دیگردوست ممالک کا شکریہ ادا کرتے ہیں، مشکل کی گھڑی میں چین، سعودی عرب و دیگر ممالک نے ہماری مدد کی ہے۔ آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ پاکستان فلسطین کی حمایت جاری رکھے گا، پاکستانی عوام کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں، مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ہورہی ہیں، خطےمیں عدم استحکام کی وجہ کشمیر میں بھارتی مظالم ہیں ۔

# یومِ پاکستان کے پُرمسرت موقع پر سعودی عرب کے وزیر دفاع کواعزاز نشانِ پاکستان سے نوازا گیا ہے۔





## صدر آصف زرداری نے شہزادہ خالد کو اعزاز دیا، وزیر اعظم اور مسلح افواج کے سربراہوں کی بھی شرکت







یومِ پاکستان کے پُرمسرت موقع پر سعودی عرب کے وزیر دفاع کو نشانِ پاکستان کے اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کو ایوانِ صدر میں صدر پاکستان آصف علی زرداری نے نشانِ پاکستان کا اعزاز دیا۔اس حوالے سے منعقدہ تقریب میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف، وزیرِ دفاع خواجہ آصف اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر سمیت تمام مسلح افواج کے سربراہوں نے بھی شرکت کی۔ سعودی وزیر دفاعی شہزاد خالد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود نے دو طرفہ تعلقات مستحکم کرنے میں گراں قدر کردار ادا کیا ہے۔ صدر مملکت نے سندھ کے سابق وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ، راجہ محمد ظفرالحق اور ڈاکٹر شمشاد اختر کو نشانہ امتیاز سے نوازا۔ ڈاکٹر محمد امجد ثاقب، ،مفتی عبدالشکور مرحوم، فواد حسن فواد، راجہ نعیم اکبر اور دیگر کو بھی اعزازات سے نوازا گیا۔ دوسری جانب وزیر اعظم شہبازشریف سےسعودی عرب کے وزیردفاع نے ملاقات کی، ملاقات میں دو طرفہ امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی- ملاقات میں علاقائی امن و سلامتی اورخطے کی سیکیورٹی صورت حال پر تبادلہ خیال بھی کیا، ونوں ممالک میں سیکیورٹی شعبےمیں تعاون بڑھانےپربات چیت ہوئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہم سعودی ولی عہد کےدورہ پاکستان کےمنتظر ہیں، ملاقات میں خواجہ آصف اورآرمی چیف جنرل عاصم منیربھی موجود تھے۔

# گورنر پنجاب سے ن لیگ ملائیشیا کے چیف سرپرست چوہدری نثار خان کی ملاقات

# بیرونی سرمایہ کاروں کیلئے پاکستان میں مواقع سازگار ہیں:گورنر پنجاب



















تحسین القادری
منیجنگ ایڈیٹر

## پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے اقدامات حوصلہ افزاہیں:گورنر پنجاب

ملائیشیا سے پاکستان میں سرمایہ کاری لانے اور ملکی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا-بیرونی سرمایہ کاروں کیلئے پاکستان میں مواقع سازگار ہیں: بلیغ الرحمن کی وفد سے گفتگوکی.چوہدری نثاراحمد خان پاک ملائیشیا بزنس ایسوسی ایشن اور صدر پاکستان مسلم لیگ ن ملائیشیا چیف سرپرست کی قیادت میں ایک وفد جس میں خرم عباسی سینئروائس پریذیڈنٹ مسلم لیگ ن ملائیشیا، کاشف امین انفارمیشن سیکرٹری مسلم لیگ ن چائنہ اور یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے منیجنگ ایڈیٹر تحسین القادری نے گورنر پنجاب بلیغ الرحمان سے ملاقات کی ملائیشیا سے پاکستان میں سرمایہ کاری لانے اور ملکی معاشی صورتحال پر گورنر پنجاب سے تبادلہ خیال کیا،گورنر پنجاب نے کہا کہ

پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے اقدامات حوصلہ افزا ہیں ،بیرونی سرمایہ کاروں کے لیے پاکستان میں ساز گار مواقع موجود ہیں،جوغیر ملکی کمپنیاں سرمایہ کاری کر رہی ہیں انہیں ہر طرح کی سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں،دیار غیر میں رہنے والے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کررہے ہیں ضرورت اس بات کی ہے کہ اوورسیز پاکستانی ملک میں سرمایہ کاری لانے اور دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرنے کیلئے کام کریں گورنر پنجاب سے ملاقات میں پی ایم ایل این ملائیشیا اور چائنہ ٹیم چوہدری نثار احمد خان چیف سرپرست، خرم عباسی سینئر نائب صدر چائنہ پی ایم ایل این کاشف امین انفارمیشن سیکرٹری اورتحسین القادری منیجنگ ایڈیٹریوتھ انٹرنیشنل میگزین

لاہور سے ون ٹو ون ملاقات کا ایجنڈا تھا وفد کا وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت کے درمیان تعلقات کو فروغ دینا سرمایہ کاروں کے ساتھ پاکستان، تعلیمی اداروں میں سیاحت کے معیار کو بلند کرنا تھا، پنجاب کے لیے ای پورٹلز کے ذریعے گڈ گورننس کے معاملے میں امن و امان کی تعمیر کی صلاحیتوں کو اپ گریڈ کیا جانا چاہیے،ریپڈ ٹرانزٹ ٹرانسپورٹ، ٹیکس نیٹ ورک کو بڑھایا جانا چاہیے اور صنعتی معاون کمیونٹیز کو بڑھانا اہم موضوعات تھے۔ وفد نے گورنر پنجاب کی طرف سے اپنے دور میں بہترین اور بہترین کام کی تعریف کی۔


# 23 مارچ پاکستان ڈے پر اہم شخصیات کے پیغامات

## صدرمملکت اسلامی جموریہ پاکستان جناب آصف علی زرداری کا پیغام




صدرمملکت اسلامی جموریہ پاکستان جناب آصف علی زرداری نے یوم پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 23 مارچ کا دن پاکستان کیلئے ایک تاریخ ساز جد و جہد کی عکاسی کرتا ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لئے الگ وطن حاصل کرنے کا اعلان کیا پاکستان کے حصول کیلئے ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں کی ایک منفرد تاریخ رقم کی اور اس عزم کے ساتھ ایک نیا وطن حاصل کرنے کی جدو جہد کا آغاز کیا کہ دو قومی نظریہ کی بنیاد پر ہم امن، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے عین مطابق ایک آزاد مملکت میں اپنی زندگیاں بسر کر سکیں۔ ہمیں آج کے دن عہد کرنا چاہیے کہ ہم بانی پاکستان قائد اعظم محمدعلی جناح کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ طاقتور اور مکمل طور پر اسلامی فلاحی مملکت بنانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں گے اس موقع پر ہم عہد کریں کہ پاکستان بنانے کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

## قائد پاکستان مسلم لیگ ن جناب میاں محمد نواز شریف کا پیغام



قائد پاکستان مسلم لیگ ن جناب میاں محمد نواز شریف نے یوم پاکستان کے پر مسرت موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ قومی دن منانا زندہ قوموں کی روایت ہے 23 مارچ کا قومی دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کی جدو جہد کی وجہ سے انگریزوں کی غلامی کا طوق ہماری گردنوں سے اترا اور ہم ایک آزاد قوم کہلائے کسی بھی قوم یا ملک کی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ وہ تعلیم کے زیور سے مالا مال ہوں دنیا کا کوئی ملک بھی تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کر سکا اس لئے ضروری ہے کہ ہم تعلیم پر خصوصی توجہ دیں اپنے کردار و عمل سے ثابت کریں کہ پاکستانی با وقار قوم ہیں ہمیں محنت اور ایمانداری سے اپنے ملک پاکستان کا نام روشن کرنا چاہیے اور ملک کے وقار کی سربلندی کیلئے اپنا بہترین کردار ادا کرناچاہیے۔ ہمیں آزادی جیسی عظیم نعمت کی قدر کرنی چاہیے اپنی صفوں میں تمام تفرقات اور تعصبات کو ختم کر کے اتحاد و یکجہتی کی مثال قائم کرنی چاہیے۔

## وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کا پیغام



وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ 23 مارچ 1940 وہ تاریخ ساز دن ہے جس دن منٹو پارک میں مسلمانان ہند کے تمام رہنما نے ایک پرچم تلے متحد ہو ایک قرارداد منظور کی ا جسے قرارداد پاکستان بھی کہتے ہیں جس کے نتیجہ میں سات سال کی مسلسل جدو جہد کے بعد پاکستان کا حصول ممکن ہوا۔ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہمارے بزرگوں نے جس مقصد کیلئے بے شمار قربانیاں دی تھیں اس مقصد کے حصول میں وقت پڑنے پر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے بلکہ اپنے وطن پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں قدم بہ قدم پاکستان کا ساتھ دیں گے، اس کی سلامتی وقار کی سر بلندی کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں گے اور مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف کی قیادت میں متحدر ہیں گے۔ پاکستان کو معاشی میدان میں ایشین ٹائیگر بنا کر دم لیں گے۔

## وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نوازشریف کا پیغام



وزیراعلی پنجاب محترمہ مرہم نواز شریف صاحبہ نے پاکستان کے قومی دن 23 مارچ کے پر مسرت موقع پر کہا کہ ہمیں بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح مفکر پاکستان علامہ اقبال اور تحریک پاکستان کے ان اکابرین کی خدمات کو نہیں بھولنا چاہیے جن کی مسلسل جدوجہد سے دو قومی نظریہ کی بنیاد پر ایک اسلامی فلاحی مملکت پاکستان کا قیام عمل میں آیا آج کے دن ہمیں اپنے ان عظیم رہنماؤں کو خراج عقیدت پیش کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ زندہ قوموں کو ترقی و خوشحالی میں رکاوٹیں آتی رہتی ہیں مگر ہمیں ان رکاوٹوں کو ثابت قدمی سے عبور کرنا ہوگا ہمیں آج کے دن میاں نواز شریف کی قیادت میں ملک کی فلاح و ترقی کیلئے اپنے تن من دھن قربان کرنے کا عزم کرنا چاہیے۔

## پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئر مین بلاول بھٹوزرداری کا پیغام



دلعزیز نوجوان قیادت پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئر مین بلاول بھٹوزرداری نے 23 مارچ یوم پاکستان پر اپنے پیغام میں تمام پاکستانی عوام کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ایک تاریخ ساز جہدو جہد کی عکاسی کرتا ہے جب جنوبی ایشیاء کے مسلمانوں نے اپنے لئے ایک علیحدہ وطن حاصل کرنے کیلئے قرارداد پاکستان منظور کی اور ایک علیحدہ وطن کے حصول کا عزم کیا ایسا وطن جہاں ہم امن ، ہم آہنگی اور اسلا ور اسلامی اصولوں کے مطابق اپنی زندگی بسر کر سکیں ہمیں قائد اعظم کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ، وطاقتور اور اعتدال پسند ملک بنانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کرنا ہو گا اس مبارک موقع پر میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ ہر پاکستانی کو پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا بھر پور کردار ادا کرنا چاہیے جمہوریت ہی پاکستان کی بقاء سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہے۔ انشاء اللہ پیپلز پارٹی ولولہ انگیز جرات مندانہ قیادت میں پاکستان اور پاکستانی عوام کی بھر پور خدمت کرتی رہے گی۔

## محب وطن شخصیت وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا پیغام



محب وطن شخصیت وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا 23 مارچ کے پر مسرت موقع پر کہا کہ ہمیں بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح، مفکر پاکستان علامہ اقبال اور تحریک پاکستان کے ان اکابرین کی خدمات کو نہیں بھولنا چاہیے جن کی مسلسل جدوجہد سے دو قومی نظریہ کی بنیاد پر ایک اسلامی فلاحی مملکت پاکستان کا قیام عمل میں آیا آج کے دن ہمیں اپنے ان عظیم رہنماؤں کو خراج عقیدت پیش کرنا چاہیے۔ ہمیں آج کے دن ملک کی فلاح و ترقی کیلئے اپنے تن من دھن قربان کرنے کاعزم کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا پوری قوم کو قومی دن پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور عہد کرتے ہیں کہ ہم وزیراعظم پاکستان شہبازشریف کی مدبرانہ قیادت میں متحد ہو کر ملک پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے بھر پور جدو جہد جاری رکھیں گے پاکستان کو ایشین ٹائیگر بنا کر دم لیں گے۔

## گورنرپنجاب بلیغ الرحمان کا پیغام



گورنرپنجاب بلیغ الرحمان نے 23 مارچ یوم پاکستان کے پر مسرت موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ دن پاکستان کیلئے ایک تاریخ ساز جدو جہد کی عکاسی کرتا ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لئے الگ وطن حاصل کرنے کا اعلان کیا پاکستان کے حصول کیلئے ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں کی ایک منفرد تاریخ رقم کی اور اس عزم کے ساتھ ایک نیا ڈان عزیز حاصل کرنے کی جدو جہد کا آغاز کیا کہ دو قومی نظریہ کی بنیاد پر ہم امن، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے عین مطابق ایک آزاد ملکات میں اپنی زندگیاں بسر کر سکیں۔ ہمیں آج کے دن وعدہ کرنا چاہیے کہ ہم بانی پاکستان قائد اعظم محمدعلی جناح کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ طاقتور اور کمل طور پر اسلامی فلاحی مملکت بنانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں گے۔

## پاکستان مسلم لیگ ن چیف کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹرامجد ملک کا پیغام



بیرسٹرامجد ملک نے کہا کے اس یوم پاکستان23 مارچ کو اسطرح منائیں اور سمجھیں جسطرح ایک خوددار قوم آزادی کو سمجھتی اور مناتی ہے۔ ہم اہل اسلام و ایمان ہیں، ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی صورت میں ایک بہترین رول ماڈل موجود ہے اور اس پر عمل پیرا ہوکر ہم اپنے ملک اور معاشرے اور اپنے خاندان میں بہتری اور مثبت ترقی لا سکتے ہیں۔ - ہمیں قائداعظم محمد علی جناح اورعلامہ اقبال کے افکارپرعمل کرتے ہوئے اپنے ملک کو انکے بتائے ہوئے راستے پر چلانے کی کوشش کرنا چاہیے۔ ہمیں قائد میاں محمد نوازشریف، وزیراعظم پاکستان میاں شہبازشریف اور وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی قربانیوں کو یاد رکھنا چاہیے جو انہوں نے جمہوریت کی مضبوطی اور آبیاری کیلئے ادا کیں۔ ہم انشااللہ آئین کی بالادستی قانون کی حکمرانی گورننس اور انصاف کیلئے سب سٹیک ہولڈرز ملکر ایک دفعہ پھر اپنا حصہ ڈالیں گے۔ پاکستای قوم ملک میں آئین،انصاف اور قانون کی حکمرانی اور گورننس سے بھرپور جمہوریت کیلئے ملکر اسکی حفاظت کریں ،ملک کی آبیاری کریں یہ اللہ تعالی کا دیا ہوا عظیم تحفہ ہے- آزادی ایک انمول نعمت ہے اسکی قدر اور احساس ہر یوم پاکستان پر از حد ضروری ہے۔اللہ پاک پاکستان کو تا قیامت قائم و دائم رکھیں آمین یارب العالمین ۔

## کویت میں پاکستان مسلم لیگ ن کے صدرٹریڈرزونگ شمشاد احمد خان تنولی کا پیغام



کویت میں پاکستان مسلم لیگ ن کے صدرٹریڈرزونگ شمشاد احمد خان تنولی نے یوم پاکستان 23 مارچ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ وہ تاریخ ساز دن ہے جس دن منٹو پارک میں مسلمانان ہند کے تمام رہنما نے ایک پرچم تلے متحد ہو کر ایک قرارداد منظور کی جسے قرارداد پاکستان بھی کہتے ہیں جس کے نتیجہ میں سات سال کی مسلسل جدوجہد کے بعد پاکستان کا حصول ممکن ہوا۔ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہمارے بزرگوں نے جس مقصد کیلئے بے شمار قربانیاں دی تھیں اس مقصد کے حصول میں وقت پڑنے پر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ بلکہ اپنے وطن پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں قدم بہ قدم حکومت پاکستان کا ساتھ دیں گے اس کی سلامتی وقار کی سربلندی کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں گے پوری قوم کو اس موقع پر عہد کرنا ہوگا کہ ملک پاکستان کی خوشحالی کیلئے ایمانداری اور لگن سے کام کریں گے۔ آئیں دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کی مشکلات آسان فرمائے اور ترقی کامیابی عطا فرمائے ۔ (آمین

## مسلم لیگ ن کوآرڈینیٹر ٹریڈ یورپ امانت حسین مہر کا پیغام




مسلم لیگ ن کوآرڈینیٹر ٹریڈ یورپ امانت حسین مہر نے یوم پاکستان 23 کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ وہ تاریخ ساز دن ہے جس دن منٹو پارک میں مسلمانان ہند کے تمام رہنما نے ایک پرچم تلے متحد ہو کر ایک قرارداد منظور کی جسے قرارداد پاکستان بھی کہتے ہیں جس کے نتیجہ میں سات سال کی مسلسل جدوجہد کے بعد پاکستان کا حصول ممکن ہوا۔ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہمارے بزرگوں نے جس مقصد کیلئے بے شمار قربانیاں دی تھیں اس مقصد کے حصول میں وقت پڑنے پر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ بلکہ اپنے وطن پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں قدم بہ قدم حکومت پاکستان کا ساتھ دیں گے اس کی سلامتی وقار کی سربلندی کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں گے پوری قوم کو اس موقع پر عہد کرنا ہوگا کہ ملک پاکستان کی خوشحالی کیلئے ایمانداری اور لگن سے کام کریں گے۔ آئیں دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کی مشکلات آسان اور کامیابی عطا فرمائے ۔ (آمین )

## پاکستان مسلم لیگ ن چیپٹرملیشیا نثاراحمد خان کا پیغام



پاکستان مسلم لیگ ن چیپٹرملیشیا نثاراحمد خان نےکہا 23 مارچ یوم پاکستان کے موقع پر پاکستانی قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ مجھے آج بے حد خوشی ہے کہ میں آج اس پر مسرت موقع پر پاکستانی قوم سے مخاطب ہوں۔ میں ملیشیا میں مقیم پاکستانیوں کو تمام اہل وطن کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں یہاں ملیشیا کی عوام ہر خوشی اور غمی میں. پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ پاکستان کو اس وقت دہشت گردی، بیروزگاری لوڈ شیڈ نگ جیسے مسائل کا سامنا ہے جس طرح پاکستانی حکمران اپنے ملک کی. تعمیر وترقی دہشت گردی اور بیروزگاری کے خاتمہ کیلئے جدو جہد میں مصروف عمل ہیں اس کی مثال نہیں ملتی ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ملک پاکستان کوکامیاب اورترقی سےنوازےآمین.



## سرپرست پاکستان مسلم لیگ ن جاپان رانا ابرارحسسین کا پیغام

رانا ابرارحسسین سرپرست پاکستان مسلم لیگ ن جاپان نے 23 مارچ کے پر مسرت موقع پر پیغام دیا کہ آج کا دن پاکستان کیلئے تاریخ ساز دن کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو یا درکھنا چاہیے اگر تمام پاکستانی دوسروں کو برا بھلا کہنے کی بجائے خود اپنی اصلاح کر لیں تو معاشرہ درست ہو جائیگا ہمیں پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل جل کر کام کرنا چاہئے اگر ایسا ممکن نہ کر سکیں تو انفرادی طور پر آپ جو اپنے وطن کیلئے کر سکتے ہیں وہ کرنا چاہیے۔ آج پاکستان بڑے بحران سے گزر رہا ہے پاکستان دشمن قوتیں ناپاک سازشوں میں مصروف ہیں۔ ہمیں بڑی احتیاط اور ہوش سے کام لینا ہوگا ہمیں بحیثیت قوم متحد ہو کر ایک قوت بنا ہوگا۔ پاکستان میں جمہوریت کو مضبوط کرنے کیلئے جمہوری قوتوں کو یکجا ہونا ہوگا ۔ ہمیں قائد عوام میاں نواز شریف اور وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں متحد ہو کر پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے بھر پور جدو جہد کرنی ہوگی۔




## لاہورچیمبراف کامرس انڈسٹری کے صدرکاشف انور کا پیغام

لاہورچیمبراف کامرس انڈسٹری کے صدرکاشف انورنے یوم پاکستان کے پر مسرت موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 23 مارچ کا دن پاکستان کیلئے ایک تاریخ ساز جد و جہد کی عکاسی کرتا ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لئے الگ وطن حاصل کرنے کا اعلان کیا پاکستان کے حصول کیلئے ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں کی ایک منفرد تاریخ رقم کی اور اس عزم کے ساتھ ایک وطن حاصل کرنے کی جدو جہد کا آغاز کیا کہ دو قومی نظریہ کی بنیاد پر ہم امن، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے عین مطابق ایک آزاد مملکت میں اپنی زندگیاں بسر کر سکیں۔ ہمیں آج کے دن عہد کرنا چاہیے کہ ہم بانی پاکستان قائد اعظم محمدعلی جناح کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ طاقتور اور مکمل طور پر اسلامی فلاحی مملکت بنانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں گے.اللہ پاک پاکستان کو تا قیامت قائم و دائم رکھیں آمین۔



## YTA کے چیئرمین شہزاد اسلم کا پیغام


YTA کے چیئرمین شہزاد اسلم اور صدر ثاقب رشید نے کہا کے 23 مارچ یوم پاکستان پر اپنے پیغام میں تمام پاکستانی عوام کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ایک تاریخ ساز جہدو جہد کی عکاسی کرتا ہے جب جنوبی ایشیاء کے مسلمانوں نے اپنے لئے ایک علیحدہ وطن حاصل کرنے کیلئے قرارداد پاکستان منظور کی اور ایک علیحدہ وطن کے حصول کا عزم کیا ایسا وطن جہاں ہم امن ، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے مطابق اپنی زندگی بسر کر سکیں ہمیں قائد اعظم کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ وطاقتور اور اعتدال پسند ملک بنانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کرنا ہو گا اس مبارک موقع پرہم آپ سے اپیل کرتے ہیں. کہ ہر پاکستانی کو پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا بھر پور کردار ادا کرنا چاہیے جمہوریت ہی پاکستان کی بقاء سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کی مشکلات آسان فرمائے آمین۔



## YTA کےصدر ثاقب رشید کا پیغام

YTA کےصدر ثاقب رشید نے اپنے پیغام میں کہا کہ میں یوم پاکستان 23 مارچ کے موقع پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ہمیں اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرنا چاہیے کہ ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کے عوض ہمیں ایک آزاد اسلامی جمہوریہ مملکت نصیب ہوئی مگر افسوس ہمیں وہ مقاصد حاصل نہیں ہوئے جن کیلئے ایک الگ اسلامی مملکت قائم کی گئی۔ کے ہم اسلامی اصولوں کے عین مطابق ایک آزاد مملکت میں اپنی زندگیاں بسر کر سکیں۔ ہم بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پاکستان کوترقی یافتہ طاقتور اور مکمل طور پر اسلامی مملکت بنانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں گے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کی حفاظت فرمائے آمین۔





## مسلم لیگ ن مسقط عمان کے سنیئر نائب صدر مقصود احمد بٹ کا پیغام

مسلم لیگ ن مسقط عمان کے سنیئر نائب صدر مقصود احمد بٹ نے یوم پاکستان 23 مارچ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ وہ تاریخ ساز دن ہے جس دن منٹو پارک میں مسلمانان ہند کے تمام رہنما نے ایک پرچم تلے متحد ہو کر ایک قرارداد منظور کی جسے قرارداد پاکستان بھی کہتے ہیں جس کے نتیجہ میں سات سال کی مسلسل جدوجہد کے بعد پاکستان کا حصول ممکن ہوا۔ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہمارے بزرگوں نے جس مقصد کیلئے بے شمار قربانیاں دی تھیں اس مقصد کے حصول میں وقت پڑنے پر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ بلکہ اپنے وطن پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں قدم بہ قدم حکومت پاکستان کا ساتھ دیں گے اس کی سلامتی وقار کی سربلندی کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں گے پوری قوم کو اس موقع پر عہد کرنا ہوگا کہ ملک پاکستان کی خوشحالی کیلئے ایمانداری اور لگن سے کام کریں گے۔ آئیں دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کی مشکلات آسان فرمائے اور ترقی کامیابی عطا فرمائے ۔ (آمین



## ندیم حفیظ جنرل سیکریٹری مسلم لیگ ن بحرین کا پیغام

جنرل سیکریٹری مسلم لیگ ن بحرین ندیم حفیظ نے یوم پاکستان کے پر مسرت موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 23 مارچ کا دن پاکستان کیلئے ایک تاریخ ساز جد و جہد کی عکاسی کرتا ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لئے الگ وطن حاصل کرنے کا اعلان کیا پاکستان کے حصول کیلئے ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں کی ایک منفرد تاریخ رقم کی اور اس عزم کے ساتھ ایک وطن حاصل کرنے کی جدو جہد کا آغاز کیا کہ دو قومی نظریہ کی بنیاد پر ہم امن، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے عین مطابق ایک آزاد مملکت میں اپنی زندگیاں بسر کر سکیں۔ ہمیں آج کے دن عہد کرنا چاہیے کہ ہم بانی پاکستان قائد اعظم محمدعلی جناح کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ طاقتور اور مکمل طور پر اسلامی فلاحی مملکت بنانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں گے.اللہ پاک پاکستان کو تا قیامت قائم و دائم رکھیں آمین۔

## مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر اینڈ سنیئر نائب صدر انٹرنیشنل افیئرز **بیرسٹر امجد ملک** کے اعزاز میں تقریب

# صدر کویت بزنس کونسل شمشاد احمد خان تنولی نے اہتمام کیا














برطانیہ سے لاہور پاکستان پہنچنے پر مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر اینڈ سنیئر نائب صدر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک کے اعزاز میں لاہور کے مقامی ریسٹورنٹ میں کویت بزنس کونسل کے صدر شمشاد احمد خان تنولی نے پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا.مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر اینڈ سنیئر نائب صدر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک کی لاہور آمد پر اوورسیز پاکستانیوں نے پھولوں کے گلدستے پیش کرکے پرتپاک استقبال کیا اور مسلم لیگ ن بزنس کونسل کویت کے صدر شمشاد احمد خان تنولی نے لاہور کے مقامی ریسٹورنٹ میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا, پاکستان مسلم لیگ ن کی سنیئر رہنما سابق ایم پی اے شمائلہ رانا نے خصوصی شرکت کی-تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ظہرانے کے میزبان شمشاد احمد خان تنولی نے مہمان خصوصی بیرسٹر امجد ملک کو خوش آمدید کہا اور پارٹی کے لیے انتھک محنت پر انکی خدمات کو سراہا،مہمان خصوصی ب یرسٹر امجد ملک نے تمام اوورسیز عہدیداران و بالخصوص سنیئر رہنماؤں جن میں میاں محمد حنیف ،رانا ابرار اور ادریس مغل کی اوورسیز خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا۔بیرسٹر امجد ملک نے مزید بات کرتے ہوئے کہا کہ 8 فروری کو شیر پر مہر لگا کر پورے ملک میں کامیاب کروا کر ملک کی ترقی و خوشحالی میں اپنا حصہ ڈالیں اور میاں محمد نواز شریف کے ہاتھ مضبوط کرینانشاء اللہ اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق انکی دہلیز پر دیئے جائیں گئے.مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کرنے والی سابق ایم پی اے شمائلہ رانا نے بیرسٹر امجد ملک کو لاہور پہنچنے پر خوش آمدید کہا اور انکو مسلم لیگ ن کے عہدیداران اوورسیز پاکستانیوں کا لاہور میں خوبصورت گلدستہ سجانے پر مبارکباد پیش کی-ظہرانے میں شرکت کرنے والے تمام عہدیداران نے چیف کوآرڈینیٹر اینڈ سنیئر نائب صدر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک کی مسلم لیگ ن اوورسیز پاکستانیوں کی 36 ممالک میں تنظیم سازی کے عظیم کارنامے پر انکی شب و روز محنت اور ا وورسیز پاکستانیوں کیساتھ محبت و پیار کے جذبے پر انکو خراج عقیدت پیش کیاظہرانے میں مختلف ممالک کے عہدیداران نے بھر پور شرکت کی,شرکت کرنیوالوں میں بزرگ سنیئر رہنماء مسلم لیگ ن رانا ابرار،ادریس مغل،حاجی میاں محمد حنیف کے علاؤہ مسلم لیگ ن کے لیگل صدر چوہدری عنصر محمود ایڈوکیٹ،،مسلم لیگ ن جاپان کے سرپرست اعلی رانا ابرار،،مسلم۔لیگ ن فرانس کے صدر میاں محمد حنیف ،بزنو کونسل برطانیہ کے صدر چوہدری خالد محمود ہنجرا ،مسلم لیگ ن تھائی لینڈ کے صدر محمد آصف، مسلم لیگ ن مسقط عمان کے سنیئر نائب صدر مقصود احمد بٹ ،مسلم لیگ ن سوئٹزر لینڈ کے سنیئر نائب صدر،مسلم لیگ ن اٹلی کے سنیئر رہنماء صدر مہر علی،مسلم لیگ ن سعودی عرب کے سنیئر نائب صدر رانا محمد طارق ،مسلم لیگ ن کینیڈا کے میڈیا ایڈوائزر اسد چوہدری،متحدہ عرب امارات العین کے چیئرمین ملک رشید اعوان ،مسلم لیگ ن سیالکوٹ کے نائب صدر عمیر احمد بٹ ایڈوکیٹ ،چوہدری ظہیر چڈھر،چوہدری وقار احمد شامل تھے



# یوم پاکستان

# 23 مارچ

قرارداد پاکستان کے موقع پر تمام محبّ وطن
پاکستانی عوام کو امن اور بھائی چارہ کی فضاء
قائم اور یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک
کی سلامتی، استحکام اور ترقی کیلئے بھرپور
جدوجہد کرنی چاہیے تاکہ پاکستان کا نام
دنیا بھر میں روشن ہو

ٹریولنگ، مین پاور ایکسپورٹ، حج وعمرہ سروسز میں پاکستان کا صف اوّل کا ادارہ

# POLANI Group of Companies

IATA

## Polani`s (PVT) LTD.

Travel Agent & Tour Operator

Govt Licence No # 1061



Muhammad Yahya Polani

**World Express Exchange Company-B (Pvt) Ltd.**

**Polani`s International (Pvt) Ltd.**

**Polifly**

**Polani`s Holidays**

**Polani (overseas) Agencies**

TRAVEL AGENTS TAAP ASSOCIATION OF PAKISTAN

**Polani`s Aviation Private Ltd.**

**Worldsapn**

49-53 Sindh Madressah-tul-Islam Hasrat Mohani Road
Karachi-Pakistan Ph:+92-21-32462000-19 (20 Lines)
Faxes: +92-21-32462244, 32419737 Dir: +92-21-32462222/2233
Cell:0333-2292777, 0300-8235777
Email:info@polanisgroup.com, yahyapolani@hotmail.com
Website: www.polanisgroup.com

# کویت کے المعروف کاروباری اور سماجی شخصیت
# جناب شمشاد خان تنولی کی طرف سے شاندار افطار ڈنر





کویت: پاکستانی کمیونٹی کی مایا ناز اور ہر دلعزیز کاروباری،سماجی' اور سیاسی شخصیت شمشاد خان تنولی کی طرف سے افطار پارٹی میں کمیونٹی کی سینئر ویٹرنز کے علاوہ معروف شخصیات نے مقامی فائیو سٹار ہوٹل میں سفیر پاکستان جناب ملک محمد فاروق اور سفارت خانہ پاکستان کے افسران نے خصوصی طور کمیونٹی ویلفیئر جناب فرخ امیر سیال" ہیڈ اف پاسپورٹ سیکشن جناب جناب عثمان نواز نے شرکت کی۔ تقریب میں ہر طبقہ فکر کے معروف شخصیات اور تنظیمات کے سربراہان موجود تھے۔ سیاسی،سماجی،کاروباری اور پیشہ ورانہ زمداران کی بھر پور شرکت میزبان کے ساتھ تعلق اور محبت کا منہ بولتا اظہار تھا ۔ڈاکٹرز،پیرامیڈیکل ،وکلاز۔اساتزہ کرام اور شخصیات دیگر کی خاصی تعداد بھی موجود تھے- شمشاد خان نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور سفیر پاکستان کی شبانہ روز خدمات اور انکے شخصیت کو خراج تحسین پیش کی۔انہوں نے مزید کہا کہ میرا تو ارادہ بڑا پروگرام کا تھا جس کے لئے م

سلم سنٹر کے صدر میاں محمد ارشد سے مشورہ کیا تھا- مگر وقت اور جگہ کی کمی کی وجہ سے صرف پیچلرز تک محدود رکھا گیا۔پروگرام کی میڈیا کوریج کی سوشل میڈیا شخصیات اور چینلز بہترین طریقے سےکررہے تھے۔سفیر پاکستان نے بہترین پروگرام کے انعقاد پر میزبان کا شکریہ ادا کیا اور حسب سابق پاکستانی کمیونٹی کی خدمات کو سراہا اور ساتھ تمام شخصیات پر زور دیا کہ پاکستانی مصنوعات کو کویت میں ترویج دینے کے لئے اپنی اپنی افس استعمال کرے اور کویتی کمیونٹی کو پاکستان کی کاروبار اور سیاحت کے زرایع استعمال کرنے پر مائل کرنے لئے کوشش کریں۔ پروگرام میں کویت میڈیکل یونیورسٹی سے وابسطہ ڈاکٹر عندلیب نے سفیر پاکستان اور SPDK کی طرف سے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کے فیمیلی ویزے کے مسلے کی حل کرنے کے لئے انکا شکریہ ادا کیا او کویتی حکام کا پاکستانی ہیلتھ پرفیشنلز کے خدمات کے اعتراف پر انکا شکریہ ادا کیا۔ پروگرام کے اختتام پر شمشاد خان تنولی نے کویت اور پاکستان کی سلامتی اور انکے اپس میں پیار و محبت اور درینہ تعلق میں مزید ترقی کی دعا کی۔



سفیر پاکستان جناب ملک محمد فاروق صاحب

# اوورسیز پاکستانیوں کو منشور ک مطابق پارلیمان کا حصہ بنائے گے-بیرسٹر امجد ملک

## اگلا دور تجارت کا ہے - امانت حسین مہر مسلم لیگ ن کوآرڈینیٹر ٹریڈ یورپ











**بیرسٹر امجد ملک کا شہباز شریف کے وزیراعظم اور مریم نواز شریف کے وزیراعلی بننے کی خوشی میں مسلم لیگی اعشائیے سے خطاب**

**مسلم لیگ ن کے سینئر صدر اور چیف کوآرڈینیٹر اینڈ سنیئر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک کی صدارت میں پاکستان مسلم لیگ ن کی کامیابی پر قائد مسلم لیگ ن محترم میاں نواز شریف صاحب ، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف صاحب ، اور وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کو مبارک بادپیش کی - لاہور کے مقامی ہال میں مہر امانت حسین مسلم لیگ ن سپین اور علی شرافت مسلم لیگ ن آسٹریا کا ظہرانے کا اہتمام -**

مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر اینڈ سنیئر نائب صدر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک نے پاکستان مسلم لیگ ن کی کامیابی پر قائد محترم میاں نواز شریف، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف صاحب اور وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کو مبارک بادپیش کی ہے اور مقامی ہال میں ظہرانے کا اہتمام کیا جس میں الیکشن کے سلسلے میں دنیا بھر سے آئے مسلم لیگ ن کے صدور ،سیکرٹریز،چیئرمین و سنیئر عہدیداران نے بھر پور شرکت کی مہمان خصوصی کے طور پر میاں محمد نواز شریف کے پرسنل سیکرٹری و سنیئر رہنماء مسلم لیگ ن محمد حنیف خان اور رہنماء مسلم لیگ ن راشد نصراللہ نے خصوصی شرکت کی -اوورسیز پاکستانیز جس میں مسلم لیگ ن جاپان، ہالینڈ،برطانیہ، ملائیشیا، سعودی عرب، آسٹریا، کینیڈا، اسپین ، مسقط،متحدہ عرب امارات ، ساؤتھ افریقہ، بحرین اور یوکے عہدیداران نے بھر پور شرکت کی-تقریب کاباقاعدہآغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیااور رضوان کاظمی نے تلاوت کی- حاجی حنیف خان نے نعتیہ اشعار ارشاد فرمائے-چیف گیسٹ مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر اینڈ سنیئر نائب صدر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک نے اپنے خطاب میں تمام اوورسیز پاکستانیز کو قائدین کا الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے پر اپنی طرف دلی مبارکباد پیش کی اور کہا اوورسیزکے مسائل ، منشور میں شامل نکات ،انکا حل انکی ترجیحات میں شامل ہے.بیرسٹر امجد ملک نے میاں شہباز شریف کی حلف برداری پر پوری قوم کو مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ سیاسی استحکام میں ہی ملکی ترقی کا راز پنہاں ہے- انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کی اقتصادی ترقی انکی جماعت کی حکومت میں اہم ترین ترجیح کا حصہ بنائیں گے- انہوں نے کہا کہ مندرجہ زیل اقدامات انکی ترجیہات میں شامل ہوں گے - اوورسیز پاکستانیوں کیلئے مخصوص نشستیں ،ون ونڈو سرمایہ کاری کی سہولت، مخصوص امیگریشن کاؤنٹرز،خصوصی عدالتیں اور کمرشل کاؤنٹرز، پبلک سیکٹر ہاوسنگ اسکیموں میں دس فیصد کوٹہ اور پانچ فیصد مالیاتی رعائت،خصوصی قومی بچت اسکیم،آن لائن بائیو میٹرک تصدیق، کاروباری منصوبوں اور سٹارٹ اپ کیلئے سہولت کاری، تمام صوبوں میں اوورسیز کمیشن کا قیام، وطن واپسی پر خوش آمدید اور مکمل سہولیات ، جائیداد سے متعلق تنازعات کا حل، تنازعات کے متبادل حل کیلئے طریقہ کار، زیادہ ترسیلات بھییجنے والوں کی ستائش اور انعام و کرام، دستاویزات کی آن لائن تصدیق، پاسپورٹ اور نادرا کی آن لائن سہولت، اور تارکین وطن پر مشتمل ایڈوائزری کونسلز کا قیام ان نکات میں شامل ہیں جن پر نئی حکومت میں خصوصی غور ہوگا-

بیرسٹر امجد ملک نے مسلم لیگ ن سپین کے بزنس کوآرڈینیٹر یورپ مہر امانت حسین کی خدمات کو سراہا اور تجارتی ونگ ، خواتین اور سوشل میڈیا کی طاقت کی اہمیت کو سمجھے اور جاننے پر زور دیا-انہوں نے مسلم لیگ ن آسٹریا کے صدر علی شرافت ، ہالینڈ کے صدر پرویز سندھیلہ، جاپان کے سرپرست اعلیٰ رانا ابرار، فرانس کے صدر حاجی حنیف ، ساؤتھ افریقہ سے آئے رانا زاہد محمود، لندن سے ریاض ملک ، امریکہ سے آئے- راجہ رزاق ، جرمنی کے صدر مسلم لیگ ن رانا لیاقت علی،اور تمام شرکاء اور دیگر سنیئر رہنماؤں کی خدمات کو سراہتے ہوئے خراج عقیدت پیش کیا- بقیہ صفہ (27)

# خواتین کا عالمی دن






## عورت کبھی مریمؓ کبھی حواؑ کبھی زہراؓ عورت نے ہر اک دور میں قوموں کو سنوارا

blogsinurdu.com










خواتین کا عالمی دن صنفی مساوات کی طرف حاصل ہونے والی کامیابیوں اور پیش رفت کا جشن مناتا ہے، اس سال کا موضوع اقتصادی بااختیار بنانا ہے۔ معاشی بااختیار بنانے کے ذریعے صنفی مساوات میں معاشی میدان میں خواتین کے لیے وسائل، مواقع اور فیصلہ سازی کی طاقت تک مساوی رسائی کو یقینی بنانا شامل ہے۔ اس میں تنخواہ ایکویٹی، تعلیم اور تربیت تک رسائی، مالی شمولیت، انٹرپرینیورشپ سپورٹ، اور روایتی طور پر مردوں کی اکثریت والی صنعتوں اور قائدانہ کرداروں میں خواتین کی شرکت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرنا شامل ہے۔ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنا کر، ہم نہ صرف مزید منصفانہ معاشرے تشکیل دیتے ہیں بلکہ سب کے لیے پائیدار ترقی اور خوشحالی کو بھی آگے بڑھاتے ہیں۔ آسمان ویلفیئر فاؤنڈیشن رجسٹرڈ خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے سیمینار منعقد کرنے جارہی ہے جس کے مہمان خصوصی، عظمیٰ کاردار رکن صوبائی اسمبلی، سائرہ افتخار یو این گلوبل نیوٹریشن چیمپیئن،میاں محمد زاہد ڈائریکٹر کالجز لاہور، سدرہ ہمایوں پروگرام کوآرڈینیٹر-پنجاباقوام متحدہ کی ، خواتین شمائلہ اسلم سابق رکن صوبائی اسمبلی، سلیم بھٹی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب پروفیسر فرح رشید ملہی پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج (و یمین) وحدت کالونی لاہور، ایمان سلطان چیئرپرسن آسمان ویلفیئر فاؤنڈیشن، سلطان علی رانجھا امیدوار برائے صوبائی اسمبلی پنجاب، صدر ا بیلہ ثمرین آ سمان ویلفیئر فاؤنڈیشن، سید حسنین نقوی ڈائریکٹر, تحسین القادری منیجنگ ایڈیٹر یوتھ انٹرنیشنل میگزین , شر یک ہوئے -

# پاکستان مسلم لیگ (ن) ملائیشیا کے سرپرست اعلیٰ

## چوہدری نثار احمد خان کا دورہ پاکستان میں منسٹرزکے ساتھ تصویری جھلکیں

### سپیکر نیشنل اسمبلی سردار ایاز صادق اورڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیراقبال چنڑسےنثاراحمد خان کی ملاقات



سپیکر نیشنل اسمبلی سردار ایاز صادق کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں. پاکستان مسلم لیگ ن ملائیشیا کے سرپرست اعلیٰ چوہدری نثاراحمد خان جس میں خرم عباسی سینئرنائب صدر مسلم لیگ ن ملائیشیا، کی ملاقات




ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیراقبال چنڑسے پاکستان مسلم لیگ ن ملائیشیا کےچیف سرپرست اعلیٰ چوہدری نثاراحمد خان پاک ملیشیا بزنس ایسوسی ایشن صدر جس میں خرم عباسی سینئرنائب صدر مسلم لیگ ن ملائیشیا، کاشف امین انفارمیشن سیکرٹری مسلم لیگ ن چائنہ کی ملاقات اور اقبال خان اسسٹنٹ سیکرٹری پنجاب اسمبلی موجود ہیں





وفاقی وزیراحسن اقبال کو گلدستہ پیش کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں



رانا مشہود چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے ہمرا



وزیر خارجہ اسحاق دار , کے ہمرا



وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے ہمرا



جناب محمد حنیف عباسی MNA,بیرسٹردانیال چوہدریMNA کے ہمرا



اعظم نذیر تارڑ وفاقی وزیر قانون و انصاف کے ہمر



بیرسٹر امجد ملک سے شیلڈ وصول کر رہے ہیں



وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کے ہمرا



طارق فضل چوہدری ایم این اےکے ہمرا



رانا سکندر حیات وزیر سکول ایجوکیشن پنجاب کے ہمرا گروپ فوٹو



صدریوتھ میڈیا ٹیم پنجاب کے ہمرا



چوہدری محمد سالک حسین وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی اور انسانی وسائل کی ترقی



وزیر پیٹرولیم مصدق مسعود ملک کے ہمرا



عبدالرحمن خان کانجو ایم این اے کے ہمرا



ناصر بٹ سینیٹر کے ہمراہ



رانا محمود حسن سینیٹر کے ہمراہ



قیصر احمد شیخ وفاقی وزیر برائے بحری امور-

# PAK MALAYSIA BUSINESS ASSOCIATION SON BHD





# Ch Nisar Ahmed Khan

## PRESIDENT (PMBA) (13331007-P)


Chnisarakhan@gmail.com
pmba.pakistan@gmail.com

Ph: +60321175153
Fax:+60321175151
Cell: +60143577660
+601155578663

Ph:+92 51 2348011-3
Cell+92-326-2200020
+92-325-8100429

Add: Level 33, Ilham Towar # 8, jalam Binjai 50450 kuala Lumpur Malaysia.

Office Add: 6, G-D Arcade Fazal e haq Road Blue Area Islamabad

# الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان نے الخدمت آرفنز کیئر پروگرام کے تحت اندراج شدہ کم از کم 2,000 یتیموں، 1000 بیواؤں اور اولڈ ایج ہومز کے بزرگوں کے لیے ایک شاندار گرینڈ افطار ڈنر
















# الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان نے غزہ کے لیے بھیجی گئی امدادی رقم بانٹ کر نتیجہ اخذ کیا جس کی مالیت 1,700 ملین PKR سے زیادہ ہے








الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان نے الخدمت آرفنز کیئر پروگرام کے تحت اندراج شدہ کم از کم 2,000 یتیموں، 1000 بیواؤں اور اولڈ ایج ہومز کے بزرگوں کے لیے ایک شاندار گرینڈ افطار ڈنر اور عید گفٹ تقسیم کا اہتمام کیا۔ تقریب، جس کی صدارت الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمن نے کی، اس میں خوشی اور ہمدردی کی لہر دوڑ گئی جب بچوں نے خصوصی طور پر ان کی خوشی کے لیے تیار کی گئی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ باؤنسنگ قلعے سے لے کر چہرے کی پینٹنگ، ایک جادوئی شو، اور لڑکیوں کے لیے مہندی کے اسٹال تک، ایونٹ کے ہر پہلو کو ناقابل فراموش یادیں بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ تہوار کے بعد یتیم بچوں، ان کی بہادر ماؤں اور اولڈ ایج ہومز کے معزز بزرگوں سمیت پیارے حاضرین میں عید کے تحائف، کپڑے اور محبت کے دیگر نشانات تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں صدر الخدمت پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن، نائب صدر الخدمت ڈاکٹر مشتاق احمد مانگٹ، صدر الخدمت وسطی پنجاب اکرام الحق سبحانی اور صدر الخدمت لاہور انجینیئر کی معزز حاضری ہوئی۔ حماد احمد رشید، نوجوانوں کی تنظیموں، مخیر حضرات، سول سوسائٹی کے ارکان، یتیم بچوں، ان کی بہادر ماؤں اور اولڈ ایج ہومز کے بزرگ مکینوں کے نمائندوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے



ڈاکٹر حفیظ الرحمن نے الخدمت فاؤنڈیشن کے سالانہ 30,000 یتیم بچوں کی کفالت کے ساتھ ساتھ بہادر ماؤں اور بزرگ افراد کو مختلف اقدامات کے ذریعے امداد فراہم کرنے کے عزم پر زور دیا۔ انہوں نے یتیم بچوں اور بوڑھوں میں احساس محرومی کو کم کرنے اور انہیں رمضان اور عیدالفطر کی خوشیوں میں

بقیہ صفہ (27)

# طلبہ کے لئے 20 ہزار بائیکس پراجیکٹ












## وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی موجودگی میں محکمہ ٹرانسپورٹ اور پنجاب بینک کے درمیان ایم او یو پر دستخط کی تقریب 20 ہزار بائیک پراجیکٹ کےایم او یو پر سیکرٹری ٹرانسپورٹ احمد جاوید قاضی اور صدر پنجاب بنک ظفر مسعود نے دستخط کئے۔

طلباءکے لئے مجوزہ الیکٹرک اور پٹرول بائیکس کا معائنہ کیا۔بائیکس کے نرخ کے بارے میں پوچھا اور کوالٹی چیک کی۔بائیکس کا کلر حکومت پنجاب کے سبز لوگو کے کلر کے مطابق کرنے کی ہدایت.بائیک کے لئے طلباء کی رجسٹریشن کا آغاز جلد از جلد کیا جائے گا۔ طلبہ کو 19 ہزار پٹرول اور ایک ہزار الیکٹرک بائیکس بلاسود ماہانہ اقساط پر دی جائیگی۔بنک آف پنجاب کے اشتراک سے طلبہ کو آسان اقساط پر بائیک کی فراہمی پر سود حکومت دے گی، پٹرول بائیک کی ماہانہ قسط پانچ ہزار اور ای بائیک کی قسط دس ہزار سے کم ہوگی۔مئی میں قرعہ اندازی کے بعد اسی ماہ بائیکس کی ڈیلیوری شروع کر دی جائے۔ 20 ہزار بائیکس کی فراہمی کا منصوبہ طلباء کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرے گا۔طلبہ کے لئے بائیکس کی فراہمی چیف منسٹرز یوتھ انیشیٹو کے تحت ایک انقلابی سکیم ہے۔اتی سواری طلبہ کے روز مرہ زندگی میں وقت کی بچت کو یقینی بنائے گی۔ وقت کی بچت اور سفر میں آسانی طلبہ کی تعلیمی استعداد کار میں بہتری کا سبب بنے گی۔ بائیکس کی تقسیم میں طلبہ و طالبات کی یکساں نمائندگی خوش آئند ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب،صوبائی مشیرپرویز رشید، صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ زاہد بخاری،صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی بلال اکبر خان،چیف سیکرٹری،سیکرٹری ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ، خزانہ، ایچ ای ڈی،چیئرمین پی آئی ٹی بی،صدر بینک آف پنجاب ظفر مسعود،ایم ڈی پی ایم اے، سیکرٹری پی ٹی اے پنجاب، سیکرٹری آر ٹی اے لاہور اور دیگر حکام بھی موجود تھے

# پاکستان کو موجودہ حالات کے پیش نظر اقتصادی سفارت کاری کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے۔

**محمد اسحاق ڈار**
**وزیر خارجہ**








وزیرخارجہ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلا غیر ملکی دورہ لندن میں پاکستان ہائی کمیشن آمد افسران سے ملاقات اقتصادی سفارت کاری پاکستان کو مضبوط کرے گی۔ بیرون ملک پاکستانی مشنز کو سرمایہ کاری کو راغب کرنے پر توجہ دینی چاہیے۔ وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار"روایتی سفارت کاری کے ساتھ ساتھ، پاکستان کو موجودہ حالات کے پیش نظر اقتصادی سفارت کاری کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں بیرون ملک پاکستان کے تمام مشنز کو سرمایہ کاری کو راغب کرنے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے"، وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے آج لندن میں پاکستانی ہائی کمیشن کے افسران سے بات چیت کرتے ہوئے کہا-وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان کو بیش بہا قدرتی اور اعلیٰ معیار کے انسانی وسائل سے نوازا گیا ہے۔ ملک میں ایک عظیم معیشت بننے کی تمام صلاحیتیں موجود ہیں بشرطیکہ مالیاتی نظم و ضبط اور بیرونی خسارے کو کم کرنے کے لیے مربوط انداز اپنایا جائے-وزیر خارجہ نے کہا کہ اب ضرورت ان وسائل کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے کی ہے- انہوں نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول وزارتوں کو پاکستان کو اندرونی اور بیرونی طور پر مضبوط کرنے کے لیے ٹیم اسپرٹ کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت ہے-وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان مشکل وقت سے گزر رہا ہے۔ تاہم موجودہ حکومت عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے-مزید برآں، بین الاقوامی سطح پر، پاکستان باہمی تعاون کے لیے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کا خواہش مند ہے-وزیر خارجہ نے افسران کو تلقین کی کہ وہ ملک میں طویل المدتی سرمایہ کاری لانے اور تجارت کو بڑھانے کے لیے محنت اور لگن سے کام کریں۔

# سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان سالانہ حج معاہدہ اختتام پذیر ہوگیا۔






سالانہ حج معاہدے کی تقریب منعقد ہوئی، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان سالانہ حج معاہدہ اختتام پذیر ہوگیا۔ سعودی وزیر حج توفیق الربیعہ اور پاکستان کے نگراں وزیر برائے مذہبی امور انیق احمد نے گزشتہ روز حج جنرل معاہدے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر سیکرٹری مذہبی امور ڈاکٹر سید عطاالرحمن اور جوائنٹ سیکرٹری حج سجاد حیدر یلدرم، سعودی عرب میں پاکستان حج مشن کے سربراہ ڈی جی حج عبدالوہاب سومرو، ڈائریکٹر حج مکہ فہیم خان آفریدی، ڈائریکٹر حج مدینہ ضیاء الرحمن، ڈپٹی ڈائریکٹر حج عمرو اور دیگر بھی موجود تھے۔ ضیغم نواز، عبدالمالک سیف اور پرائیویٹ حج گروپ آرگنائزرز کی نمائندہ تنظیم HOPE کے اراکین بھی موجود تھے۔ پاکستانی وفد آج سعودی عرب کے شہر جدہ میں ورلڈ حج ایکسپو میں شرکت کرے گا۔ حج ایکسپو میں عازمین حج کو سہولیات فراہم کرنے کے ذمہ دار اداروں اور کمپنیوں سے مزید معاہدے بھی متوقع ہیں-






# اوورسیز چیپٹرز موجودہ حکومت کیساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے۔بیرسٹر امجد ملک۔

# اوورسیز پاکستانیوں کو منشور کے مطابق پارلیمان کا حصہ بنائیں گے۔بیرسٹر امجد ملک۔









مسلم لیگ ن سویڈن نے ایک اہم سنگ میل عبور کیا ہے ۔ تنظیم نو کاآغاز مسلم لیگ ن سویڈن سے ہوا ۔ بیرسٹر امجد ملک۔اوورسیز چیپٹرز موجودہ حکومت کیساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے۔ تارکین وطن کی داد رسی کیلئے منشور پر مکمل عملدرآمد ہوگا، بیرسٹر امجد ملک چیف کوآرڈینیٹر مسلم لیگ ن انٹرنیشنل افئیرز کی سویڈن سے آئے وفد سے تفصیلی گفتگو اور انکے اعزاز میں ظہرانہ۔ اگلا دور پاکستان کی ترقی کا دورہے تجارت ڈپلومیسی کو فروغ دیکر مسائل سے نمٹا جاسکتا ہے۔ سینیٹر اسحق ڈار کو بھرپور موقع ملنا چاہیے، سعید شیخ صدر مسلم لیگ ن سویڈن مسلم لیگ ن فرانس اپنی حکومت کیساتھ ہے۔ سیکرٹری جنرل مسلم لیگ ن سویڈن کاشف عزیز بھٹہ یوتھ مریم نواز شریف کا ہر اوّل دستہ ہے، خالد محمود ہنجرا چئیرمین بزنس کونسل اور تجارتی ونگ یوکے بیرسٹر امجد ملک کا شہباز شریف کے وزیراعظم اور مریم نواز شریف کے وزیراعلی بننے کی خوشی میں مسلم لیگ سویڈن کے وفد کے اعزاز میں ظہرانے سے خطاب مسلم لیگ ن کے سینئر صدر اور چیف کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک نے مسلم لیگ ن سویڈن کے وفد کو راچڈیل میں خوش آمدید کہا اور پاکستان مسلم لیگ ن کی کامیابی پر قائد مسلم لیگ ن محترم میاں نواز شریف صاحب ، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف صاحب ، اور وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ کو مبارک بادپیش کی ۔وفد نے خاص طور پر اسحق ڈار کے وزیر خارجہ بننے پر مبارکباد پیش کی۔ مسلم لیگ ن کے سینئر صدر اور چیف کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک نے مسلم لیگ ن سویڈن کے صدر سعید شیخ کی قیادت میں دو رکنی وفد جو کہ سیکرٹری جنرل مسلم لیگ ن سویڈن کاشف پر مشتمل تھا انکو راچڈیل میں خوش آمدید کہا اور پاکستان مسلم لیگ ن کی کامیابی پر قائد مسلم لیگ ن محترم میاں نواز شریف صاحب ، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف صاحب ، اور وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کو مبارک بادپیش کی ۔ انہوں نے خاص طور پر سینیٹر اسحق ڈار جو کہ صدر انٹرنیشنل افیرز ہیں انکے وزیر خارجہ بننے پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اسحق ڈار سے کام کرنا انکا ایک بہترین سرمایہ ہے۔ بیرسٹر امجد ملک نے میاں شہباز شریف کی حکومت بننے پر پوری قوم کو مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ سیاسی استحکام میں ہی ملکی ترقی کا راز پنہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کی اقتصادی ترقی انکی جماعت کی حکومت میں اہم ترجیح ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں کو منشور کے مطابق پارلیمان کا حصہ بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ درج زیل اقدامات انکی پارٹی کی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہوں گے ۔ اوورسیز پاکستانیوں کیلئے مخصوص نشستیں ،ون ونڈو سرمایہ کاری کی سہولت، مخصوص امیگریشن کاؤنٹرز،خصوصی عدالتیں اور کمرشل کاؤنٹرز، پبلک سیکٹر ہاوسنگ اسکیموں میں دس فیصد کوٹہ اور پانچ فیصد مالیاتی رعائت،خصوصی قومی بچت اسکیم،آن لائن بائیو میٹرک تصدیق، کاروباری منصوبوں اور سٹارٹ اپ کیلئے سہولت کاری، تمام صوبوں میں اوورسیز کمیشن کا قیام، وطن واپسی پر خوش آمدید اور مکمل سہولیات ، جائیداد سے متعلق تنازعات کا حل، تنازعات کے متبادل حل کیلئے طریقہ کار، زیادہ ترسیلات بھیجنے والوں کی ستائش اور انعام و کرام، دستاویزات کی آن لائن تصدیق، پاسپورٹ اور نادرا کی آن لائن سہولت، اور تارکین وطن پر مشتمل ایڈوائزری کونسلز کا قیام ان نکات میں شامل ہیں جن پر نئی حکومت میں خصوصی غور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تھنک ٹینک کے قیام میں تارکین وطن کی آراء اور اپنے سفارت خانوں کے ساتھ ملکر نام ترتیب دئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں کے ایماء پر حکومت سے استدعا کی کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی برطانیہ، یورپ اور امریکہ سمیت بیرون ملک پروازیں بحال کرنا ترجیح ہونی چاہیے۔ تارکین وطن براہ راست پروازوں کی عدم دستیابی، طویل سفر اور درمیانی راستے کے سٹاپ اوورز کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے وفد کواعتماد میں لیتے ہوئے کہا کہ مارچ میں وزیر خارجہ سے ملاقات میں انہوں نے ڈائرکٹ فلائٹ کی جلد بحالی کا یقین دلایا ہے۔ انہوں نے کہاکہ فون ٹیکس اور اوورسیز کمیشن اور ایڈوائزری کونسل بنانے پر بھی جلد کام ہوگا۔ سعید شیخ صدر مسلم لیگ ن سویڈن نے کہا کہ اگلا دور پاکستان کی ترقی کا دورہے تجارت ڈپلومیسی کو فروغ دیکر مسائل سے نمٹا جاسکتا ہے۔ سینیٹر اسحق ڈار کو بھرپور موقع ملنا چاہیے،ہم انٹرنیشنل افئیرز کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے تارکین نے کہا کہ ہم اپنی حکومت کیساتھ ہیں اور الیکشن میں مسلم لیگ ن کا بھرپور ساتھ دیاہے۔اوورسیز آنے والے وقت میں اپنی ملک کیلئے خدمات دگنی کردیں گے۔ خالد محمود ہنجرا چئیرمین بزنس کونسل اور تجارتی ونگ یوکے نے کہا ہے کہ یوتھ ونگ مریم نواز شریف کا ہر اوّل دستہ ہے اور ہم ہر جگہ ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہیں ۔ ہمیں خوشی ہے کہ نوجوان قیادت آگے آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کو ملک کی خدمت کیلئے آواز دی گئی تو ہم ریاست کی کال پر لبیک کہیں گے اور ملک کی خدمت میں سر دھڑ کی بازی لگا دیں گے۔ بیرسٹر امجد ملک نے مسلم لیگ ن سویڈن کے نئے چیپٹر کی خدمات کو سراہااور تجارتی ونگ ، خواتین اور سوشل میڈیا کی طاقت کی اہمیت کو سمجھے اور جاننے پر زور دیا اور مستقبل کی تنظیم سازی میں تمام لوگوں کو شامل کرنے کی ہدایت کی۔ بیرسٹر امجد ملک نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیااور پرتکلف ظہرانے سے انکی تواضع کی۔ آخر میں بیرسٹر امجد ملک نے بیرون ملک سے آئے مہمانوں کو تحائف اور شیلڈ دیکر رخصت کیا۔



# چرس اور ذہنی صحت

**اس کتابچے کے متعلق**

چرس استعمال کرنے والے بہت سے لوگ اسے ایک ایسی بے ضرر شے سمجھتے ہیں جو پرسکون رہنے میں مدد دیتی ہے، ایک ایسی نشہ آور شے جو شراب اور سگریٹ کے برعکس جسمانی اور ذہنی صحت کے لیے اچھی ثابت ہوسکتی ہے۔اس کے برعکس حالیہ تحقیق سے پتا چلتا ہے کہ ایسے افراد جو جینیاتی طور پر خطرے سے دوچار ہوں ان میں یہ کسی نفسیاتی بیماری کا اہم سبب بن سکتی ہے۔ یہ کتابچہ چرس کے استعمال کے اثرات اور ذہنی صحت پر ہونے والی تحقیق کے بارے میں ہے اور ہر اس شخص کے لیے ہے جو اس مسئلے کے بارے میں فکرمند ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ لوگوں کو اس کتابچے سے چرس استعمال کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنے میں مدد ملے گی۔

**چرس کیا ہے؟**

Cannabis Sativa اور Cannabis indica نیٹل نامی پودوں کے ایک خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جو صدیوں سے دنیا بھر میں جنگلی پودے کے طور پر اگ رہا ہے۔دونوں پودے کئ مقاصد کےلیے استعمال ہوتے رہے ہیں مثلاً اس کا ریشہ رسی اور کپڑا بنانے، ایک طبی جڑی بوٹی اور ایک مقبول تفریحی نشے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔اس پودے کا عرق کتھئ یا کالے رنگ کی کشمش کی طرح ہوتا ہے جسے بھنگ، گانجا، حشیش وغیرہ کہتے ہیں۔جبکہ اس کے سوکھے ہوئے پتے گراس، ماری جوانا، ویڈ (weed) وغیرہ کہلاتے ہیں۔ اسکنک (skunk)چرس کی وہ نسبتاًطاقتور قسم ہے جو اس میں ذہن پر اثرات ڈالنے والے طاقتور مادوں کے لیے خاص طور پر اگائی جاتی ہے۔ اس کو یہ نام اس تیز چبھنے والی بو کی وجہ سے دیا گیا ہے جو یہ اگنے کے دوران خارج کرتی ہے۔ چرس کی اور بھی سیکڑوں دیگر اقسام موجود ہیں جن کو مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے ۔عام چرس نشے کی شدت کے حساب سے بہت سی اقسام میں پائی جاتی ہے اس لیے یہ کہنا مشکل ہے کہ کسی خاص موقع پر کون سی قسم استعمال کی جارہی ہے۔چرس پینے سےاس کے نصف سے زائد نفسیاتی اثرات پیدا کرنے والے اجزا خون میں جذب ہوجاتے ہیں۔ یہ مرکبات پورے جسم کی چربیلی نسیجوں میں جمع ہوجاتے ہیں اس لیے پیشاب کے ذریعے جسم سے خارج ہونے میں انھیں بہت وقت لگتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چرس کی شناخت اس کے استعمال کے چھپن دن بعد بھی کی جاسکتی ہے۔

**یہ کس طرح کام کرتی ہے اور چرس کی کیمیائی ساخت کیا ہوتی ہے؟**

چرس کے پودے میں اوسطاً ساٹھ مرکبات اور چار سو کیمیائی مادے ہوتے ہیں۔ چار مرکزی مرکبات کے نام ڈیلٹا نائن ٹیٹراہائڈروکینابینول (ڈیلٹا نائن ٹی ایچ سی)، کینا بیڈیول، ڈیلٹا ایٹ ٹیٹراہائڈروکینابینول اور کینابینول ہیں۔ کینا بیڈیول (سی بی ڈی) کے علاوہ یہ مرکبات ذہن پر اثر انداز ہونے والے ہیں جن میں سے سب سے طاقتور ڈیلٹا نائن ٹیٹراہائڈروکینابینول ہے۔ پودے کی طاقتور ترین اقسام میں تھوڑا سا کینا بیڈیول (سی بی ڈی) جبکہ ڈیلٹا نائن ٹی ایچ سی بہت زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔ جب چرس پی جاتی ہے تو اس کے مرکبات تیزی سے خون میں شامل ہوجاتے ہیں اور براہ راست دماغ اور جسم کے دیگر اعضا میں پہنچ جاتے ہیں۔ بنیادی طور پر ڈیلٹا نائن ٹی ایچ سی کے دماغ میں موجود کینابائیونائڈ ریسیپٹرز (cannabinoid receptors) سےملنے سے نشہ آور یا خمار کی سی کیفیت طاری ہوتی ہے۔ دماغ کے خلیات میں ریسیپٹر ایک ایسی جگہ ہے جہاں مخصوص مادے کچھ عرصے کے لیے رک یا جڑ جاتے ہیں۔ اگر ایسا ہو تو اس کا اثر اس خلیے اور اور اس سے پیدا ہونے والے سگنل پر ہوتا ہے ۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ دماغ خود قدرتی طور پر چرس کی طرح کے مادے پیدا کرتا ہے جنھیں اینڈوکینابائینوائڈز (endocannabinoids)کہا جاتا ہے۔ ایسے زیادہ تر ریسیپٹرز دماغ کے اس حصے میں پائے جاتے ہیں جو لذت، یادداشت، خیالات، توجہ، حسیات اور وقت کے ادراک کو متاثر کرتا ہے۔ چرس کے مرکبات آنکھوں، کانوں، جلد اور معدے کو بھی متاثر کرسکتے ہیں۔

اگر آپ نے چرس چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا ہے تو یہ سگریٹ چھوڑنے سے زیادہ مشکل نہیں ہوگا۔

**چرس کے کیا اثرات ہوتے ہیں؟**

**خوشگوار**

خمار، سکون، خوشی، خواب آور کیفیت، رنگ مزید خوبصورت اور موسیقی زیادہ پر لطف لگتی ہے۔

ناخوشگوار

تقریباً دس میں سے ایک چرس استعمال کرنے والوں پر ناخوشگوار اثرات مرتب ہوتے ہیں جن میں اپنے ہوش و حواس میں نہ رہنا، غیبی آوازیں سنائی دینا یا چیزیں نظر آنا، گھبراہٹ اور بلا وجہ شکوک و شبہات ہونا شامل ہیں۔ موڈ اور حالات کی مناسبت سے ایک ہی شخص پر خوشگوار یا ناخوشگوار اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ یہ احساسات عام طور پر وقتی ہوتے ہیں ، تاہم جیساکہ یہ نشہ آور شے کئ ہفتوں تک جسمانی نظام میں رہ سکتی ہے اس کے اثرات استعمال کرنے والوں کی توقع کے برعکس زیادہ عرصے تک بھی موجود رہ سکتے ہیں۔ زیادہ عرصے چرس استعمال کرنے سے ڈپریشن بھی ہو سکتا ہے اور جوش و جذبے میں کمی ہوسکتی ہے۔

**تعلیم اور سیکھنے کی صلاحیت**

یہ بھی سمجھا جاتا ہے کہ چرس کسی شخص میں توجہ، معلومات کو ذہن میں ترتیب دینے اور ان کےاستعمال کی استطاعت کو بھی متاثر کرسکتی ہے۔ یہ اثرات استعمال کے کئ ہفتوں بعد تک برقرار رہتے ہیں جو طلبا میں مخصوص مسائل کا سبب بنتے ہیں۔ نیوزی لینڈ میں ۱۲۶۵ طلبا پر ایک تحقیق کی گئ جن کا پچیس سال تک معائنہ کیا جاتا رہا۔ اس سے پتہ چلا کہ بلوغت میں چرس کے استعمال اور اسکول میں خراب کارکردگی کا آپس میں تعلق تھا تاہم دونوں کے درمیان کوئی براہ راست تعلق نہیں تھا۔ جیسے چرس کا استعمال ایک ایسی طرز زندگی کی طرف لے جاتا ہے جو اسکول کی پڑھائی میں معاون ثابت نہیں ہوتی۔

**کام**

لوگوں کے کام پر بھی چرس کے اسی طرح کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ چرس سے صحت پر کوئی مخصوص خطرات مرتب ہوتے ہیں تاہم چرس استعمال کرنے والے افراد میں اس بات کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے کہ وہ بغیر اجازت کے کام چھوڑ کر چلے جائیں، کام کے اوقات میں ذاتی کام کرتے رہیں یا محض خیالی پلاؤ پکاتے ر ہیں۔ چرس استعمال کرنے والے خود اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ اس کا استعمال ان کی پیشہ ورانہ اور سماجی زندگی پر اثرانداز ہوتا ہے۔ کچھ اقسام کے کام زیادہ محنت یا توجہ کے متقاضی ہوتے ہیں۔ پائلٹوں پر چرس کے استعمال کے اثرات کا جائزہ لینے کے لیے کی جانے والی تحقیق سے پتہ چلا کہ انھوں نے چرس کے استعمال کے بعد اہم اور معمولی دونوں طرح کی غلطیاں زیادہ کیں بہ نسبت اس وقت کے جب انھوں نے چرس کا استعمال نہیں کیا تھا۔ یہ تجربہ اصل فلائٹ کے بجائے فلائٹ سیمولیٹرز میں کیا گیا ۔ بدترین اثرات ابتدائی چار گھنٹوں میں رہے اور چوبیس گھنٹے برقرار رہے حتیٰ کہ اس وقت بھی جب پائلٹوں کو اپنے نشے میں ہونے کا اندازہ نہ تھا۔ اس تحقیق کا نتیجہ یہ نکلا، " اس شہادت کے پیش نظر ہم میں سے بیشتر افراد ایسے پائلٹ کے ساتھ سفر کرنا پسند نہیں کریں گے جس نے پچھلے ایک دو دن کے دوران چرس پی ہو۔"

**ڈرائیونگ**

نیوزی لینڈ میں محققین کو معلوم ہوا کہ وہ لوگ جو باقاعدگی سے چرس پیتے تھے اور ڈرائیونگ سے قبل چرس کا استعمال کرچکے تھے ان میں کار کے حادثے میں زخمی ہونے کے امکانات زیادہ تھے۔ فرانس میں ہونے والی ایک حالیہ تحقیق میں ایسے دس ہزار ڈرائیوروں کا جائزہ لیا گیا جو کار کے جان لیوا حادثات میں ملوث تھے۔ شراب نوشی کے اثرات کا اثر نکالنے کے بعد بھی اس بات کا دو گنا امکان تھا کہ چرس کے عادی افراد کار کا جان لیوا حادثہ کرنے والوں میں شامل ہوں بہ نسبت اس کے کہ وہ اس حادثے کا بغیر اپنی کسی غلطی کے شکار ہوئے ہوں۔ پس ہم میں سے زیادہ تر لوگ شاید کسی ایسے ڈرائیور کی گاڑی میں نہیں بیٹھنا چاہیں گے جس نے پچھلے ایک دو دن میں چرس کا استعمال کیا ہو۔

**ذہنی صحت کے مسائل**

اس بات کے قوی شواہد موجود ہیں کہ ایسے افراد جو ذہنی بیماریوں مثلاً ڈپریشن اور سائیکوسس میں مبتلا ہوں ان میں چرس کے حالیہ یا ماضی میں استعمال کاامکان اور لوگوں سے زیادہ ہوتا ہے۔ چرس کے باقاعدہ استعمال سے سائیکوسس یا شیزوفرینیا کا بقیہ صفحہ (27)

# 23 مارچ یوم پاکستان دیگر ممالک میں منایا گیا،







23 مارچ یوم پاکستان کے موقع پر پاکستان کلب منامہ بحرین پرچم کشائی کی تقریب میں چیئرمین پاکستان کلب بحرین جناب افضل بھٹی صاحب کی خصوصی دعوت پر مسلم لیگ ن بحرین کے وفد نے جنرل سیکریٹری ندیم حفیظ صاحب کی قیادت میں نائب صدر ثروت سید، اویس چودھری اور مصطفی کمال نے شرکت کرکے پاکستانی کمیونٹی کے ہمراہ قومی دن جوش و خروش اور جذبے کیساتھ منایا۔
پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا بعد میں قوم ترانے کیساتھ پرچم کشائی کی گئی۔





برسلز: سفارتخانہ پاکستان میں یوم پاکستان کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب



انقرہ میں سفارتخانہ پاکستان میں یوم پاکستان کی تقریب








## نئی دلی میں یوم پاکستان کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد



پیرس میں سفارتخانہ پاکستان میں یوم پاکستان پر پرچم کشائی کی تقریبات



21 مارچ 2024 کو پاکستان ہاؤس ماسکو میں پاکستان کے قومی دن کے موقع پر ایک استقبالیہ کا انعقاد کیا گیا۔ سینیٹر ولادیمیر چیژوف اور ماسکو حکومت کے وزیر مسٹر سرگئی چیریمن،




آذربائیجان میں سفارتخانہ پاکستان میں یوم پاکستان کی تقریب

# بقاجات

## بیرسٹر امجد ملک

دنیا کے مختلف ممالک سے ظہرانے پر آئے ہوئے مسلم لیگ ن کے صدور و عہدیداران نے بھی مسلم لیگ ن کی الیکشن میں جیت پر مبارکباد پیش کی اور باری باری اپنے خیالات کا اظہار کیا اور اوورسیز کے معاملات میں منسٹری سمیت اوورسیز کی قیادت کی خدمات کو بروئے کار لانے پر زور دیا۔میزبان مجلس مسلم لیگ ن کے صدر امانت حسین مہر نے مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر نے چیف گیسٹ بیرسٹر امجد ملک کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ تارکین وطن کی جائز داد رسی کی جانی چاہیے اور تجارتی ونگ حکومت وقت کو ہر ممکن تعاون پیش کرے گا۔ انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں کے حق نمائندگی سمیت جملہ معاملات میں تعاون پر زور دیا اور امجد ملک کا اوورسیز کی تعارفی میٹنگ کی صدارت پر شکریہ ادا کیا.مہمانان خصوصی میاں محمد نواز شریف کے پرسنل سیکرٹری محمد حنیف خان اور سنیئر رہنماؤں جس میں مسلم لیگ ن ہالینڈ کے صدر پرویز سندھیلہ،فرانس کے صدر میاں حنیف ، ،ملائیشیا کے صدر نثار احمد خان،جاپان کے سرپرست اعلیٰ رانا ابرار، ترکی کے لیگی صدر میر ابرار ، ملائشیا کے مسلم لیگ ن کے صدر محمد نثار مہر، سپین کے سیکرٹری جنرل میاں عمران حسین، سینئر نائب صدر راجہ ساجد حسین، اور وکلاء ، صحافی حضرات اور شرکاء نے ملکر قائد مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف ،میاں محمد شہباز شریف ،مریم نواز شریف اور حمزہ شہباز شریف اور صدر انٹرنیشنل افیئرز سینیٹر اسحق ڈار کے علاوہ ملک بھر میں مسلم لیگ ن کے قومی و صوبائی امیدواروں کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔آخر میں میاں محمد نواز شریف کے پرسنل سیکرٹری محمد حنیف خان نے میاں محمد بخش رحمۃ اللہ کا کلام پڑھ کر تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔اس موقعہ پرمسلم لیگ ن اوورسیز کی جانب سے کامیابی کا کیک بھی کاٹا گیا۔ بیرسٹر امجد ملک نے میزبانوں کا ایک شاندار تقریب مقرر کرنے پرشکریہ ادا کیااور حاجی محمد حنیف خان نے دعائے خیر بھی کروائی۔

## الخدمت فاؤنڈیشن

حصہ لینے کے قابل بنانے میں اس طرح کی تقریبات کی اہمیت پر زور دیا۔ غزہ میں جاری انسانی بحران پر روشنی ڈالتے ہوئے، ڈاکٹر حفیظ الرحمن نے الخدمت فاؤنڈیشن کی بے گھر اور متاثرہ غزہ کے خاندانوں کی آبادی تک امداد پہنچانے کے لیے انتھک کوششوں کا اعادہ کیا۔ انہوں نے غزہ کے لیے بھیجی گئی امدادی امداد کی رقم بانٹ کر نتیجہ اخذ کیا جس کی مالیت 1,700 ملین PKR سے زیادہ ہے۔ ڈاکٹر مشتاق احمد مانگٹ نے اس جذبے کی بازگشت کرتے ہوئے یتیموں اور کمزور بوڑھوں کے رمضان اور عید کی خوشیوں میں شریک ہونے کے حق کی توثیق کرتے ہوئے معاشرے کے ان پسماندہ طبقات کی ترقی اور ان کی مدد کی اجتماعی ذمہ داری پر زور دیا۔ الخدمت فاؤنڈیشن کے سرشار رضاکاروں کی سربراہی میں منعقد ہونے والا یہ پروگرام، امید اور ہمدردی کی ایک کرن کی علامت ہے، جو ضرورت کے وقت انسانیت کی خدمت کے لیے تنظیم کے غیر متزلزل عزم کی تصدیق کرتا ہے۔

## چرس اور ذہنی صحت

خطرہ دوگنا ہوجاتاہے۔ تاہم کیا چرس ڈپریشن اور شیزوفرینیا کا سبب بن سکتا ہے یا ان مسائل کا شکار افراد اس کو بطور دوا استعمال کرتے ہیں؟

پچھلے چند سالوں میں ہونے والی تحقیق نے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ جینیاتی طور پر متاثرہ افراد میں چرس کے استعمال اور بعد میں ہونے والے ذہنی صحت کے مسائل میں واضح تعلق پایا جاتا ہے ، اور یہ کہ نوجوان لوگوں میں چرس کے استعمال کے حوالے سے زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

**ڈپریشن:**آسٹریلیا میں چودہ سے پندرہ سال کے سولہ سو اسکول جانے والے بچوں پر سات سال تک تحقیق کی گئ جس سے پتہ چلا کہ وہ بچے جو باقاعدگی سے چرس کا استعمال کرتے ہیں ان میں ڈپریشن کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے برعکس وہ بچے جو پہلے ہی ڈپریشن میں مبتلا ہوں ان میں چرس کے استعمال کا خطرہ دوسروں سے زیادہ نہیں۔ تاہم وہ نوجوان افراد جو روزانہ چرس کا استعمال کرتے ہیں ان کے ڈپریشن اور اینگزائٹی میں مبتلا ہونے کے امکانات پانچ گنا زیادہ ہیں۔

**شیزوفرینیا:**لوگوں کی ایک بڑی تعداد پر کئ سالوں تک تین اہم تحقیقات کی گئیں جن سے پتہ چلا کہ چرس کا استعمال کرنے والے افراد میں شیزوفرینیا ہونے کے امکانات دوسرے لوگوں سے زیادہ ہیں۔ اگر آپ پندرہ سال کی عمر سے پہلے اس کا استعمال شروع کردیں تو چھبیس سال کی عمر تک پہنچنے تک آپ میں سائیکوسس ہونے کے امکانات چار گنا زیادہ ہونگے۔ ایسا لگتا ہے کہ کوئی شخص چرس کی جتنی زیادہ مقدار استعمال کرے گا اتنا ہی اس میں یہ علامات پیدا ہونے کا امکان زیادہ ہو گا۔نوعمر افراد کو چرس کے استعمال سے نقصان پہنچنے کا خصوصاً زیادہ احتمال کیوں ہوتا ہے؟ کوئی یقینی طور پر نہیں جانتا تاہم اس کا تعلق دماغی نشوونما سے ہوسکتا ہے۔ نوعمری میں بھی بیس سال کی عمر تک دماغ کی نشوونما ہورہی ہوتی ہےاور 'نیورل پروننگ' کا غیرمعمولی عمل جاری ہوتا ہے۔یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے برقی سرکٹوں کے ایک پیچیدہ ہجوم کو ترتیب دیا جائے تاکہ وہ زیادہ موثر طریقے سے کام کرسکیں۔ ایسا کوئی بھی تجربہ یا مادہ جو اس عمل کو متاثر کرے طویل مدتی نفسیاتی اثرات کا باعث بن سکتا ہے۔ یورپ اور یوکے میں ہونے والی ایک حالیہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ وہ افراد جن کے خاندان میں دماغی بیماریاں رہی ہوں اور جن کو جینیاتی طور پر ان مسائل کا زیادہ احتمال ہو اگر وہ چرس کا استعمال کریں تو ان میں شیزوفرینیا ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔کیا (Cannabis psychosis) **(چرس سے ہونے والا سائیکوسس) واقعی میں کوئی بیماری ہے؟**

ڈنمارک میں ہونے والی ایک حالیہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ چرس کے استعمال سے واقعی میں سائیکوسس ہو سکتا ہے۔ یہ ایک مختصر مدت کی سائیکوسس کی بیماری ہوتی ہے جو چرس کے استعمال سے شروع ہو جاتی ہے تاہم اگر اس کا استعمال روک دیا جائے تو بہت جلدی ختم بھی ہوجاتی ہے۔ لیکن یہ بیماری بہت کم ہوتی ہے، پورے ڈنمارک میں ایک سال میں اس کے صرف سو نئے کیسز نظر آتے ہیں۔ تاہم تحقیق سے یہ بھی پتہ چلا کہ:

1 تین چوتھائی تعداد اگلے ایک سال میں کسی اور قسم کی سائیکوسس کی بیماری کا شکار ہوگئی۔

2 تقریباً آدھے لوگ تین سال بعد بھی کسی نہ کسی قسم کے سائیکوسس کا شکار تھے۔

اس سے یہ بھی لگتا ہے کہ وہ لوگ جن میںCannabis psychosisکی تشخیص ہوئی تھی دراصل کسی طویل مدتی سائیکوسس مثلاً شیزوفرینیا کی ابتدائی علامات ظاہر کررہے ہیں۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہی گروپ ہو جس کو چرس کے استعمال سے بالخصوص سائیکوسس شروع ہو جانے کا خطرہ ہواس لیے اسے مستقبل میں چرس کے تاستعمال سے پرہیز کرنا چاہیے۔

کیا چرس کی عادت پڑ جاتی ہے؟

چرس میں نشے کی عادی بنانے والی اشیا کی کچھ خصوصیات پائی جاتی ہیں مثلاً: ٹولرنس (Tolerance)۔ یعنی وہی سرور حاصل کرنے کے لیےکچھ وقت کے بعد زیادہ مقدار میں چرس استعمال کرنے کی ضرورت پڑنے لگنا

شدید طلب

بھوک میں کمی/نیند کی خرابی/وزن میں کمی/جارحیت اور / یا غصہ/چڑچڑا پن/بے چینی/عجیب و غریب خواب

ترک نشہ کی یہ علامات اسی پیمانے کی تکلیف کا باعث بنتی ہیں جو مباکو چھوڑنے سے ہوتی ہے۔

**باقاعدہ طور پہ لمبے عرصے کے لیے استعمال کرنے والوں میں نظرآنے والے اثرات:**

ہر چار میں سے تین افراد کو شدید طلب محسوس ہوتی ہے

آدھی تعداد چڑچڑی ہوجاتی ہے

ہر دس میں سے سات افراد چرس سے بچنے کے لیے تمباکو کا استعمال شروع کردیتے ہیں۔چڑچڑا پن، گھبراہٹ اور نیند کے مسائل عام طور پر آخری استعمال کے دس گھنٹوں بعد ظاہر ہوتے ہیں اور ایک ہفتے بعد اپنے عروج پر پہنچتے ہیں۔

**اضطراری استعمال**

استعمال کرنے والا فرد یہ محسوس کرتا ہے کہ اسے چرس ہر حال میں استعمال کرنی ہےاور وہ اپنی زندگی کا بیشتر حصہ اس کی تلاش، خرید اور استعمال میں صرف کردیتا ہے۔ وہ اس عمل کو روک نہیں سکتے چاہے ان کی زندگی کے اہم معاملات (خاندان، اسکول، کام) بھی متاثر ہورہے ہوں۔ اگر آپ روزانہ چرس کا استعمال کریں تو اس بات کا قوی امکان ہے کہ آپ اس کے عادی ہو جائیں گے۔

**اسکنک (skunk)اور دیگر زیادہ طاقتور اقسام**

روایتی ہربل چرس میں ایک سے پندرہ فیصد تک سب سے اہم سائیکوایکٹیو جزو ٹی ایچ سی (THC) شامل ہوتا ہے۔ کچھ نئی اقسام بشمول اسکنگ میں یہ جزو بیس فی صد ہوتا ہے اس لیے روایتی ہربل چرس کی نسبت یہ تین گنا زیادہ طاقتور ہوتی ہے۔ یہ زیادہ تیزی سے کام کرتی ہے اور گہرے سکون اور حد سے زیادہ خوشی کے احساس کے ساتھ ہیلوسینیشن(hallucinations) پیدا کرتی ہے،اس کے ساتھ ساتھ گھبراہٹ ، پریشانی، الٹیاں اور کھانا کھانے کی شدید خواہش بھی ہوتی ہے۔ کچھ افراد اس کو ایکسٹیسی یا ایل ایس ڈی کے متبادل کے طور پر بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

گوکہ اب تک کم تحقیق کی گئ ہے لیکن اس بات کا امکان ہے کہ چرس کی یہ زیادہ طاقتور اقسا م ذہنی بیماریوں پیدا کرنے کے لیے زیادہ بڑا خطرہ ثابت ہوسکتی ہیں۔ ایک اہم زیر تکمیل ریسرچ سے پتہ چلا ہے کہ چرس کی طاقتور اقسام استعمال کرنے والوں میں توجہ اور یادداشت کے مسائل ہوتے ہیں۔

**چرس کے استعمال سے ہونے والے مسائل**

بہت سارے، بلکہ شاید زیادہ تر چرس استعمال کرنے والے افراد اس سے لطف اندوز ہوتے ہیں لیکن کچھ لوگوں کے لیے یہ مسئلہ بن جاتی ہے۔ ایک امریکی تنظیم -www.marijuana anonymous.org/ ا س مسئلے کو اس طرح بیان کرتی ہے:

"اگر چرس ہماری زندگی اور سوچ کو کنٹرول کرتی ہو اور ہماری خواہشات کا مرکز ماری وانا (چرس کی ایک قسم) کا حصول، اس کا استعمال اور اس کے نشے سے سرور حاصل کرنا ہو تو دیگر تمام چیزوں میں ہماری دلچسپی ختم ہوجاتی ہے۔

**"اگر ان سوالات میں سے کسی کے لیے بھی آپ کا جواب "ہاں" میں ہو تو ہو سکتا ہے آپ کی چرس استعمال کرنے کی عادت آپ کے لیے مسئلہ بن چکی ہو۔**

کیا چرس استعمال کرنے میں آپ کو اب مزہ آنا ختم ہو گیا ہے؟

کیا آپ کبھی اکیلے میں سرور کی حالت میں آئے ہیں؟

کیا آپ کے لیے ماری وانا کے بغیر زندگی کا تصور کرنا مشکل ہے؟

کیا آپ کے دوست آپ کے ماری وانا استعمال کرنے کے فیصلے سے متفق ہیں؟

کیا آپ اپنے مسائل کا سامنا کرنے سے بچنے کے لیے ماری وانا پیتے ہیں؟

کیا آپ اپنے جذبات پر قابو پانے کے لیے پوٹ اسموکنگ کرتے ہیں؟

کیا ماری وانا کے استعمال کی وجہ سے آپ اپنی ایک محدود دنیا میں رہ رہے ہیں؟


کیا آپ کبھی ڈوپ اسموکنگ کم کرنے یا اس کو چھوڑنے کا وعدہ پورا کرنے میں ناکام ہوئے ہیں؟

کیا ماری وانا کی وجہ سے یادداشت، توجہ یا چیزوں میں دلچسپی کی کمی جیسے مسائل پیدا ہوئے ہیں؟

جب آپ کا چرس کا ذخیرہ ختم ہوتا ہے تو کیا آپ یہ سوچ کر مضطرب یا پریشان ہوجاتے ہیں کہ مزید ذخیرہ کیسے حاصل کیا جائے؟

کیا آپ ماری وانا کے استعمال کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنی زندگی کی منصوبہ بندی کرتے ہیں؟

کیا آپ کے دوستوں یا رشتے داروں نے اس بات کی شکایت کی ہے کہ پوٹ اسموکنگ کی وجہ سے ان سے آپ کے تعلقات خراب ہورہے ہیں؟




سعودی عرب، بحرین، متحدہ عرب امارات، سلطنت آف عمان، قطر، کویت، لیبیا، ملائیشیا میں قانونی ذرائع سے روزگار دلانے کا لیڈنگ ادارہ

# Trust Group

# TRUST ENTERPRISES

## Overseas Employments Promoters

**O.E.P Lic # 1405/Kar.**

A/4-C Block-A Commercial Area Sindhi Muslim Housing Society Karachi
Tel:021-34553078,34539754,34302817,34302818
Fax:0092-21-34558806 Email:trst_ent@yahoo.com
Web site: www.trustoep.com.pk



Irshad Ahmed Qureshi
Proprietor.
Cell: 0300-8252416
0345-8252416

# British High Commissioner calls on PM Shehbaz Sharif





British High Commissioner calls on Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif

Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif received the British High Commissioner, H.E. Jane Marriott, for a courtesy call at the Prime Minister's House, today.

The Prime Minister thanked British Prime Minister Rishi Sunak and Foreign Secretary Lord David Cameron for their messages of felicitations on his re-election and said he looked forward to working closely with the UK leadership to further strengthen relations between the two countries.The Prime Minister said Pakistan and the UK had longstanding, historic relations and shared immense political goodwill, while cooperating closely over a wide range of areas. He said Pakistan desired to elevate the relationship to the next level emphasizing the importance of early conclusion of the Enhanced Strategic Partnership (ESP) agreement. The Prime Minister highlighted the government's priorities, in particular the importance of navigating through the economic challenges facing the country. In this regard, thePrime Minister underscored the need to enhance bilateral cooperation in trade and investment, climate, people to people contacts, as well as developing convergences on regional and multilateral issues of mutual interest. He called for early resumption of PIA flights between Pakistan and UK, that would help strengthen linkages between the two countries and assuage concerns of the 1.6 million strong Pakistani diaspora in the UK.

He requested the High Commissioner to convey his best wishes to His Majesty King Charles-III and prayed for his early recovery to full health. The Prime Minister also expressed the hope that His Majesty would visit Pakistan, as soon as his health permitted him to travel.

# Call on the Prime Minister by the U.S. Ambassador.

Amb. Donald Blome, Ambassador of the United States of America to Pakistan, paid a courtesy call on the Prime Minister at the Prime Minister House, earlier today.

The Prime Minister expressed satisfaction on the present state of bilateral relations. He emphasized the need to maintain the positive momentum by regular convening of existing dialogue mechanisms, focused on trade, investment, energy, health, defence, education, agriculture and climate change.

The Prime Minister said that his government would focus on macro-economic reforms to stabilize the economy and attract foreign investment. In this regard, he also highlighted the role of the Special Investment Facilitation Council (SIFC) that has been established to fast-track foreign investments in priority sectors in Pakistan.

A number of issues of bilateral and regional significance were also discussed during the meeting, including the situation in Gaza and the Red Sea, developments in Afghanistan, as well as the case of Dr. Aafia Siddiqui, which was raised forcefully by the Prime Minister.







While congratulating the Prime Minister on his re-election, Amb. Blome said that the U.S. considered Pakistan an important partner and hoped to work with the Government to build stronger ties between the two countries.

# Ambassador of Kuwait calls on the Prime Minister



Amb. Nassar Abdulrahman Jasser Almutairi, Ambassador of the State of Kuwait to Pakistan, paid a courtesy call on Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif earlier today.The Prime Minister said Pakistan attached great importance to its historic and deep-rooted ties with Kuwait. He thanked the Kuwaiti leadership, including the Amir of Kuwait His Highness Sheikh Mishal Al Ahmad Al Jaber Al Sabah, for the warm wishes and felicitations on his re-election. He expressed the desire to work closely with them to further strengthen the bilateral relationship, with a focus on trade and investment. He also extended an invitation to the Amir of Kuwait to visit Pakistan at his earliest convenience.The Prime Minister noted with satisfaction that seven Agreements were signed between the two countries in November 2023, worth US$ 10 billion, relating to diverse areas including food security, technology, hydel power, mining and minerals, water supply and mangrove rehabilitation. He urged concerted efforts by both sides to ensure early i mplementation of the agreements. In this context, he emphasized the role of Special Investment Facilitation Council (SIFC) that provides a robust and efficient mechanism to attract foreign investment into Pakistan.

The Kuwaiti Ambassador thanked Pakistan for its support to Kuwait in difficult times. The Ambassador profoundly thanked former Prime Minister Muhammad Nawaz Sharif for his strong public support to Kuwaits independence and sovereignty during the 1990-91 crisis. He also expressed gratitude for Pakistans support to Kuwait during COVID-19 pandemic. The Ambassador reaffirmed Kuwaits strong commitment to build closer ties with Pakistan.The Prime Minister appreciated Amb. Almutairis .contribution in fostering stronger ties between Pakistan and Kuwait

# Ambassador OF U.A.E. Call on the Prime Minister



Amb. Hamad Obaid Ibrahim Salem Al-Zaabi, Ambassador of the United Arab Emirates (U.A.E.) to Pakistan, paid a courtesy call on the Prime Minister today.The Ambassador congratulated the Prime Minister on his re-election and conveyed best wishes of U.A.E. President Sheikh Mohamed bin Zayed Al Nahyan, and hoped that the strong fraternal ties between the two countries would be strengthened further in the years ahead.The Prime Minister thanked the U.A.E. leadership for their warm messages of greetings and conveyed his best wishes for President Sheikh Mohamed bin Zayed Al Nahyan, Vice President Sheikh Mohammed bin Rashid Al Maktoum, and Deputy Prime Minister Sheikh Mansour bin Zayed Al Nahyan.Recalling the historic ties between Pakistan and the U.A.E., the Prime Minister said Pakistan attached great importance to its brotherly relations with U.A.E. The two countries had always supported each other and there was a strong desire on both sides to elevate the relationship to a higher level, the PM added.The Prime Minister further said that Pakistan wanted to translate the tremendous political goodwill into a stronger economic partnership. Noting the exciting transformation of the U.A.E. into a hub for commerce, tourism, and investment, the Prime Minister said Pakistan wanted to partner with the U.A.E. He highlighted the role of the Special Investment Facilitation Council (SIFC) as an efficient mechanism to attract foreign investment into priority sectors including agriculture, minerals & mining, I.T., renewable energy and industry.On the multilateral side, the Prime Minister congratulated the U.A.E. for successfully hosting COP 28 meeting on climate change last year as well as its efforts to bring peace in Gaza while serving as a non-permanent member of the United Nations Security Council. He also appreciated the U.A.E. for hosting nearly 1.8 million Pakistanis who were a bridge between the two countries.The Ambassador reaffirmed the U.A.E. leadership's commitment to Pakistan and said that U.A.E. looked forward to work with the government of Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif to build stronger ties.The Ambassador extended an invitation to the Prime Minister on behalf of His Highness Sheikh Mohamed bin Zayed Al Nahyan to visit the U.A.E. at the earliest convenience. While accepting the invitation, the Prime Minister also reiterated an invitation to the President of U.A.E. to visit Pakistan at his earliest convenience and said the people of Pakistan were waiting to accord him a very warm welcome.





# Shamshad Khan Tanoli

CHIEF EXECUTIVE OFFICER

PML (N)
Pakistan Muslim League

President Trade Wing, Kuwait

gpc.khan2000@gmail.com
Khan_sa94@hotmail.com
P.O. Box 5773 Safat 13058 Kuwait
www.grandpearlcompany.com


# PRESIDENT OF PAKISTAN DAY PARADE 23RD MARCH 2024 IN ISLAMABAD | YOUM-E-PAKISTAN PARADE,











President Asif Ali Zardari addressing the Pakistan Day Parade ceremony, at Shakarparian Parade Ground, Islamabad.

- Saudi dignitiary awarded for his services towards Pakistan.
- Special Investiture ceremony held at Aiwan-e-Sadr.
- PM Shehbaz, COAS Asim Munir also attend the award ceremony.

IPresident Asif Ali Zardari | Prime Minister Shahbaz Sharif | Saudi Arabia's Defence Minister Prince Khalid bin Salman Al Saud. viewing the flypast of jets during the Pakistan Day Parade ceremony, at Shakarparian Parade Ground, Islamabad.

President Asif Ali Zardari inspecting the Pakistan Day Parade ceremony, at Shakarparian Parade Ground, Islamabad.

President Asif Ali Zardari in a meeting with the visiting Defence Minister of the Kingdom of Saudi Arabia, His Royal Highness Prince Khalid bin Salman bin Abdul Aziz Al Saud, at Aiwan-e-Sadr.

SLAMABAD: President Asif Ali Zardari Saturday conferred Pakistan's highest civilian award "Nishan-e-Pakistan" on Saudi Arabia's Defence Minister Prince Khalid bin Salman Al Saud.The Saudi dignitary, who was also the chief guest for the Pakistan Day parade, was awarded for his "services for Pakistan and its people, enhancing defence cooperation, strengthening of bilateral ties and contributions towards peace efforts in the region".The ceremony, ,held at Aiwan-e-Sadr in Islamabad





was attended by Prime Minister Shehbaz Sharif, Chief of the Army Staff (COAS) General Asim Munir, Defence Minister Khawaja Asif and other senior officials.Prince Khalid, as per the Saudi embassy website, has served on various key positions previously including the Kingdom's ambassador to the United States, adviser to the Saudi Embassy in Washington and at the Saudi Ministry of Defence.Graduating from Riyadh's King Faisal Air Academy, the Saudi defence minister joined the Royal Saudi Air Force (RSAF) and has served as an F-15 pilot and tactical intelligence officer.Apart from training in the US, the dignitary has also studied advanced electronic warfare in France.Earlier, The News reported that the Saudi prince is scheduled to hold meetings with President Zardari, COAS Gen Munir, PM Shehbaz during his stay in Pakistan.Sources told the publication that Crown Prince Muhammad bin Salman will also visit Pakistan after Eidul Fitr on the invitation of PM Shehbaz.

Prince Khalid's visit comes days after Gen Munir held a meeting with Crown Prince Mohammed bin Salman bin Abdulaziz during an official visit to the Gulf kingdom.During the meeting Wide-ranging issues of mutual interest, including regional peace and security, bilateral defence and security cooperation came under discussion, the Inter-Services Public Relations (ISPR) had reported.



# Message of President , on the Pakistan Day 23rd March 2024



**Asif Ali Zardari**
**President Of Pakistan**

On this auspicious occasion of Pakistan Day, I extend heartfelt greetings and best wishes to each one of you. Today, as we commemorate the historic passage of the Pakistan Resolution on 23rd March 1940, a day that laid the foundation for the creation of our beloved nation and an independent homeland, let us reflect on our journey, celebrate our achievements, and reaffirm our commitment to a prosperous and united Pakistan.

As we revisit the pages of history, we are reminded of the vision and determination of our forefathers. The Pakistan Resolution of 1940 marked a crucial turning point, setting the course for the establishment of Pakistan on 14th August 1947. Today, we honour the commitment and sacrifices made by the Quaid-i-Azam Mohammad Ali Jinnah and his companions, who worked tirelessly towards transforming Allama Dr Muhammad Iqbal's dream into reality.

The journey since our independence has been marked by significant achievements across various domains. Our armed forces, civil administration, police, and law enforcement agencies have, with unwavering commitment, ensured the safety, security, and sovereignty of our nation. Their triumphant role in the two-decade-long war against terrorism, rapid response to the call of duty in times of natural disasters, and contribution to peacekeeping missions worldwide stand out as our unflinching commitment to global peace and peaceful coexistence.

Let us also recognize the unparalleled sacrifices of our Kashmiri brethren, both during the Pakistan Movement and in the ongoing struggle for the freedom of Indian Illegally Occupied Jammu & Kashmir (IIOJK). The people of IIOJK are enduring the worst form of repression and state-sponsored terrorism at the hands of Indian occupation forces, aggravated by the Hindutva agenda, exemplified by the unilateral revocation of Article 370 and 35A. The key to durable peace in South Asia is the resolution of the dispute in accordance with the United Nations Security Council Resolutions. Pakistan, on its part, stands committed to extending all kinds of moral and diplomatic support until the oppressed people get their right to self-determination.


Similarly, Pakistan is deeply concerned over the indiscriminate killing of innocent Palestinians and persistent attacks on educational institutions and hospitals by the Israeli Defence Forces. Pakistan remains steadfast in its principled support for the establishment of an independent, viable, and contiguous state of Palestine, based on the pre-1967 borders, with Al-Quds Al-Sharif as its capital.

In the spirit of Pakistan Day, let us reaffirm our commitment to democracy, justice, andequality. I urge each one of you to participate in the nation-building process actively; embracing the values of hard work, integrity,and compassion.Together, united, we shall overcome obstaclesand chart a course towards a better and brighter future for our beloved Pakistan.

Pakistan Zindabad!

May Allah bless the Islamic Republic of Pakistan!

# Impressive oath ceremony for Prime Minister Shahbaz Sharif



ISLAMABAD:Newly elected Prime Minister Shahbaz Sharif took the oath of office on Monday at a simple but impressive ceremony at the Aiwan-e-Sadr, attended by the services chiefs, government functionaries and senior politicians from the ruling coalition parties and other dignities.

Shehbaz, 72, took the oath to officially become prime minister for a second time, nearly four weeks after the general election.

The President of the Pakistan Muslim League-Nawaz (PML-N) wore a black Sherwani in the ceremony, which was broadcast live on the state TV.

The PML-N is leading the ruling coalition, which also includes the Pakistan Peoples Party (PPP) and the Muttahida Qaumi Movement-Pakistan (MQM-P). With their support, Shehbaz was elected as the 24th prime minster of the country with 201 votes in the National Assembly on Sunday.

At the ceremony, President Dr Arif Alvi administered the oath to the Shehbaz, as the outgoing caretaker prime minister Anwaarul Haq seated on the dais. After the oath-taking the tenure of the caretaker government concluded.

The dignitaries present among the guests included Senate Chairman Sadiq Sanjrani, National Assembly Speaker Sardar Ayaz Sadiq, Punjab Governor Balighur Rehman, Balochistan Governor Wali Kakar, Khyber-Pakhtunkhwa (K-P) Governor Haji Ghulam Ali, Sindh Kamran Tesori Governor, Punjab Chief Minister Maryam Nawaz Sharif, Sindh Chief Minister Murad Ali Shah and Balochistan Chief Minister Sarfraz Ahmed Bugti. However, K-P Chief Minister Ali Amin Gandapur did not attend.

Also present at the ceremony were Joint Chiefs of Staff Committee Chairman Gen Sahir Shamshad, Chief of Army Staff Gen Asim Munir, Chief of Naval Staff Admiral Naveed Ashraf, Chief of Air Staff Air Chief Marshal Zaheer Babar Sidhu and other high-ranking military officials.

On this occasion, PML-N Quaid Nawaz Sharif, PPP Chairman Bilawal Bhutto Zardari and Co-Chairman Asif Ali Zardari, Hamza Shahbaz, Aleem Khan, Raja Zafarul Haq, Ahsan Iqbal, Khawaja Asif, Murtaza Javed Abbasi, Farooq Sattar and other political leaders were also present.

Diplomats posted in Islamabad from more than 70 countries participated in the ceremony, including the ambassadors of the United States, the United Kingdom, Saudi Arabia, the United Arab Emirates and other Gulf countries.


The military leadership entered the hall together. They exchanged pleasantries with personalities. Gen Asim Munir shook hands with Nawaz Sharif and Bilawal Bhutto Zardari. Nawaz was seated next to to



Zardari and Bilawal. They also exchanged pleasantries.

After taking the oath, Prime Minister Shehbaz went to Nawaz, who hugged him and congratulated him. Shahbaz also thanked Zardari and Bilawal. At one point, Nawaz took the hands of Shehbaz and told Zardari that to take care of him [Shehbaz]. Zardari, with a smile, retorted: “We are friends with friends.”

The services chiefs also met with Prime Minister Shehbaz at the Aiwan-e-Sadr. After taking the oath of office, Shehbaz went to the Prime Minister’s Office, where a contingent of the armed forces presented him the guard of honour. He was also introduced to the staff there.





# 23 مارچ

## ایک عہد ساز قومی دن

آج کے تاریخ ساز دن کے حوالے سے ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ اپنے وطن کی ترقی و
خوشحالی میں مثبت اور بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے آپس کی نفرتوں، کدورتوں کو پس
پشت ڈال کر بے مثال اتحاد، اتفاق اور بھائی چارے کی فضا قائم کریں گے اور
پاکستان کی عزت و وقار پر کبھی آنچ نہیں آنے دیں گے




Tariq Badshah
Chairman
+92-314-5116111

سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، بحرین، عمان، قطر، لیبیا، ملائیشیا و دیگر ملکوں میں قانونی ذرائع سے مین پاور کا لیڈنگ ادارہ

**Al-Khair Enterprises**

The Source of Your Work Force

Overseas Employment Promoters | LICENCE # 0510/RWP

81-A Block No # 3-4 Iran Road Near Punjab Cash & Carry Satellite Town Rawalpindi-Pakistan
UAN-+92-51-111555247 Tel: +92-51-4411287, Fax:+92- 51-4411288
E-mail: info@alkhair-enterprises.com - chairman@alkhair-enterprises.com
Web:www.alkhair-enterprises.com



PIRBADSHA (Late)
Founder

www.youthintlmagazine.com / M.Siddique Al Qadri / Youthintmagazine.com


Youth International Magazine
Lahore-Pakistan

Approved Central Media List Ministry Of Information GOVT Of Pakistan.

M.SIDDIQUE AL-QADRI
EDITOR IN-CHIEF

- Leading URDU & ENGLISH MONTHLY MAGAZINE
- 31TH YEAR'S of CONTINUE Publishing IN WORLD Wide Sirculation
- THE MAGAZINE BUILDS UP PAKISTAN'S RELATIONSHIP WITH OTHER COUNTRIES. Email:youth_intlmag@yahoo.com

ABC CERTIFIED






مانچیسٹر سے تمام اہل وطن کو پاکستان میں اور بیرون ملک
مقیم اوورسیز پاکستانیوں کو یوم پاکستان بہت بہت مبارک ہو۔

## بیرسٹر امجد ملک

## یوم پاکستان 2024

اللہ پاک پاکستان کو تا قیامت قائم و دائم رکھیں آمین یارب العالمین ۔

اس یوم پاکستان کو اسطرح منائیں اور سمجھیں جسطرح ایک خوددار قوم آزادی کو سمجھتی اور مناتی ہے۔ یوم پاکستان تجدید عہد وفا کا دن ہے۔ہم اہل اسلام و ایمان ہیں، ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی صورت میں ایک بہترین رول ماڈل موجود ہے اور اس پر عمل پیرا ہوکر ہم اپنے ملک اور معاشرے اور اپنے خاندان میں بہتری اور مثبت ترقی لا سکتے ہیں۔ ۔ ہمیں قائداعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت علامہ اقبال کے افکار پر عمل کرتے ہوئے اپنے ملک کو انکے بتائے ہوئے راستے پر چلانے کی کوشش کرنا چاہیے۔ ہمیں قائد مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف ، وزیراعظم پاکستان میاں شہبازشریف اور وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی قربانیوں کو یاد رکھنا چاہیے جو انہوں نے جمہوریت کی مضبوطی اور آبیاری کیلئے ادا کیں۔ آج یوم پاکستان کے موقع پرہمیں یہ سوچنا ہے کہ ہم پاکستان کو صحیح معنوں میں حقیقی جمہوری اسلامی مملکت کیوں نہ بنا سکے ، جمہوریت کے نام پر گزشتہ دور میں بدترین تجربات کئے گئے جس نے ہمیں معاشی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ اور دیگر ممالک سے ہمارے تعلقات کو بدترین سطح پر لایا ۔ آج مسلم لیگ ن اور اتحادی جماعتیں ملک کو معاشی دلدل سے نکالنے کی کوشش کررہی ہیں اور انکا مقصد سیاست نہیں بلکہ ریاست بچانا ہے۔ ہماری امید ختم نہیں ، ہمارے حوصلے بلند ہیں ۔ آج اپنے قائد مسلم لیگ ن میاں محمد نوازشریف کو بھی یوم پاکستان کی بہت بہت مبارکباد پیش کرتے ہیں اور انکی قائدانہ صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہیں کہ جب بھی پاکستان معاشی مشکلات میں آیا ، انہوں نے اسکو سنبھالا اور اب بھی انکی ٹیم جسکی سربراہی اس وقت صدر مسلم لیگ ن میاں شہباز شریف صاحب اور انکی معاونت صدر انٹرنیشنل افئیرز فارن منسٹر آف پاکستان اسحاق ڈار کررہے ہیں جلد اس معاشی بحران سے چھٹکارہ پا لیں گے۔ ہم انشااللہ آئین کی بالادستی قانون کی حکمرانی گورننس اور انصاف کیلئے سب سٹیک ہولڈرز ملکر ایک دفعہ پھر اپنا حصہ ڈالیں گے۔ پاکستای قوم ملک میں آئین،انصاف اور قانون کی حکمرانی اور گورننس سے بھرپور جمہوریت کیلئے ملکر اسکی حفاظت کریں ،ملک کی آبیاری کریں یہ اللہ تعالی کا دیا ہوا عظیم تحفہ ہے۔ آزادی ایک انمول نعمت ہے اسکی قدر اور احساس ہر یوم پاکستان پر از حد ضروری ہے۔




## پاکستان زندہ باد قائد اعظم پائندہ باد

# بیرسٹر امجد ملک

چیف کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل افئیرز مسلم لیگ ن

